بلغ العلیٰ بکمالہ کشف الدجیٰ بجمالہ

کشف روحانی جنتری

آپ کے مسائل اور پریشانیوں کا روحانی حل

قیمت 100

سورہ لقمان کے وظائف

20-20 کا چوکا (4)

دودھ سے علاج

آپ کے سوالات کے جوابات

12 برجوں، 7 سیاروں کی لوح

لوح پرائز بانڈ

مون سٹون کے فوائد

زائچہ/استخارہ

دل کی لکیر (پامسٹری)



2020

آپ کے لیے کیسا رہے گا؟

www.syedkashifkhalil.blogspot.com

Kashfrohane Jantry

YouTube Syed Kashif Khalil

www.youtube.com/channel/UCKhpqEN_5dPn1g-ckrCdTGg

سید کاشف خلیل M.B.A L.L.B

ماہر نجومی و روحانی علوم مدیر کشف روحانی جنتری

کالم نگار، اینکر، ٹیکنیکل میگزین ٹیز و ٹیک، ماسٹر مائنڈ ٹی وی چینل پروگرامز

ادارہ کشف روحانی 323 کریم بلاک علامہ اقبال ٹاؤن لاہور

Cell: 03008083509, 03334502187

بسم اللہ الرحمن الرحیم

2020

کشف روحانی جنتری

سرپرست اعلیٰ

پیر سیّد خلیل احمد شاہ

(ایڈووکیٹ ہائی کورٹ)

بیاد

حضرت پیر سید عجائب علی شاہ وجوہی قادری رحمتہ اللہ علیہ
حضرت پیر سید محمد عبداللہ شاہ وجوہی قادری رحمتہ اللہ علیہ
حضرت پیر سید نور محمد شاہ وجوہی قادری رحمتہ اللہ علیہ
حضرت پیر سید محمد بخش المعروف سید محمد شاہ وجوہی قادری رحمتہ اللہ علیہ

چیف ایڈیٹر:

سید کاشف خلیل شاہ

MBA, LLB

ڈپٹی ایڈیٹر:

سیدہ فرزانہ کوثر

ادارتی کونسل: ڈاکٹر عین الحق، شاہد محمود صادق، باسط علی بخاری

مارکیٹنگ منیجر: احسن شاربٹ
سرکولیشن انچارج: فہد علی

قانونی مشیران

کبیر احمد چوہدری ایڈووکیٹ ہائی کورٹ
چوہدری محمد علی ایڈووکیٹ ہائی کورٹ
سید علی اویس ترمذی ایڈووکیٹ ہائی کورٹ
چوہدری افضال احمد ایڈووکیٹ ہائی کورٹ

مشاورتی کونسل

پروفیسر صفدر حسین رضا بخاری (ماہر روحانی و مخفی علوم)
خالد نجیب خان (فیملی میگزین)
نوشین نقوی (ARY ٹی وی)

قیمت 100/- روپے

ادارہ کشف روحانی

323 کریم بلاک علامہ اقبال ٹاؤن لاہور
(نزد اللہ والی مسجد بالمقابل یونین کونسل آفس سٹریٹ نمبر 9)۔
Facebook: Kashfrohane Jantry
Web: syedkashifkhalil.blogspot.com

اوقات ملاقات (وقفہ نماز)
صبح 11 تا شام 7 بجے
فون پر وقت لے کر تشریف لائیں
03008083509
03334502187

یا اللہ (اے معبود 66) ہر کام میں آسانی کے لیے بعد نماز 100 بار پڑھیں۔

حمد باری تعالیٰ

کس کا نظام راہ نما ہے افق افق
کس کا دوام گونج رہا ہے افق افق

شان جلال کس کی عیاں ہے جبل جبل
رنگ جمال کس کا جما ہے افق افق

کس کیلئے نجوم بکف ہے روشن روشن
باب شہود کس کا کھلا ہے افق افق

مکتوم کس کی موج کرم ہے صدف صدف
مرقوم کس کا حرف وفا ہے افق افق

سوزاں ہے کس کی یاد میں تائب نفس نفس
فرقت میں کس کی شعلہ نوا ہے افق افق

حفیظ تائب

نعت رسولِ مقبول ﷺ

نعت لکھنا خوشی نعت پڑھنا خوشی
نعت سننا خوشی نعت ہے زندگی

نعت سے ذہن ، دل میں اجالا ہوا
نعت عشق نبیؐ کی حسین روشنی

نعت لے کر چلے علم کے شہر میں
نعت دینے لگی اک عجب آگہی

نعت تبلیغ ہے نعت تقلید ہے
نعت بھٹکے ہوؤں کیلئے رہبری

نعت تدبیر ہے نعت تقدیر ہے
نعت لوح و قلم پہ ہے لکھی ہوئی

سیّد کاشف خلیل

منقبت

بحضور امام عالی مقام حضرت امام حسین علیہ السلام

شہادتوں کا ہے میر کارواں حسینؑ زندہ باد حسینؑ زندہ باد
ہر طرف ہوا ذکر یہ رواں حسینؑ زندہ باد حسینؑ زندہ باد
خون حسینؑ سے شمع ہے جلی زندگی کو پھر روشنی ملی
دینِ رسول کو کر دیا جواں حسینؑ زندہ باد حسینؑ زندہ باد

سورہ لقمان کے فضائل و وظائف

تحقیق و تحریر: سید کاشف خلیل

تعارف:

سورہ لقمان قرآن پاک کی 31 ویں سورہ مبارکہ ہے۔ یہ سورہ مبارکہ حضرت لقمان کے نام سے موسوم کی گئی ہے۔

سورہ کے بارے میں حدیث نبویؐ:

حضورؐ پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جو کوئی سورہ لقمان روزانہ پڑھے گا وہ قیامت کے دن حضرت لقمان علیہ السلام کا ساتھی ہوگا۔ اور تمام امر بالمعروف و نہی عن المنکر کرنے والوں کی تعداد سے 10 گنا نیکیاں اسکے نامہ اعمال میں درج ہوں گی۔

2- پیٹ کے امراض سے نجات:

اگر کوئی شخص سورہ لقمان 7 دفعہ پڑھے گا تو وہ جملہ پیٹ کی بیماریوں سے محفوظ رہے گا۔ ہر قسم کی بیماری سے نجات کیلئے بھی بہت مفید ہے

3- اندرونی بدنی امراض:

اگر کسی کو اندرونی بدنی امراض لاحق ہوں تو سورہ لقمان لکھ کر پانی میں گھول کر پی لے تو اندرونی بدن کے امراض میں شفا پائے گا۔

4- خون بند کرنے کے لیے:

حضرت امام جعفر صادقؑ نے فرمایا اگر مرد یا عورت کا کسی زخم کی وجہ سے خون بند نہ ہوتا ہو تو وہ سورہ لقمان لکھ کر زخم پر باندھ لے۔ جلد خون بند ہو جائے گا۔

5- زیادہ بیماریوں کا علاج:

اگر کسی کو زیادہ بیماریوں نے گھیر لیا ہو تو وہ شہد خریدے اور اس شہد پر 5 بار سورہ لقمان پڑھے۔ پھر بارش کا پانی اس شہد میں ملا کر پی لے۔ انشاء اللہ تمام بیماریوں سے شفا پائے گا

6- بے ہوش کو ہوش دلانے کے لیے:

حضرت امام جعفر صادقؑ نے فرمایا اگر سورہ لقمان مشک و زعفران سے لکھ کر پانی میں گھول کر یہ پانی کسی بے ہوش پر چھڑکا جائے تو وہ جلد ہوش میں آجائے گا اور یہ پانی اسے پلایا جائے جو بے ہوش نہ ہو تو وہ شخص ہوش میں رہے گا اور بے ہوش نہ ہوگا۔

7- پیٹ درد ختم:

حضرت امام جعفر صادقؑ نے فرمایا اگر کوئی شخص مشک و زعفران سے لکھ کر پانی میں گھول کر یہ پانی پی لے تو وہ ہر قسم کے درد سے نجات پائے گا۔

8- دماغی و ذہنی امراض میں شفا:

اگر کسی کو ذہنی، اعصابی، دماغی مرض بیماری ہو۔ مالیخولیا، وسواس، ٹینشن، ڈپریشن، مرگی، ذہنی بے سکونی بے چینی لاحق ہو۔ اسے فرد کو روزانہ ایک بار سورہ لقمان بمعہ ترجمہ پڑھ کر پانی یا دودھ یا بادام وغیرہ ہر دم کر کے پلائیں کھلائیں۔

9- بے وقوف کو عقلمند بنانے کیلئے:

اگر کوئی شخص بے قووف ہو، بے عقلی کی حرکات و باتیں کرتا ہو ایسے فرد کو عقلمند بنانے کے لیے روزانہ سورہ لقمان کا دم شدہ پانی پلائیں یا روغن بادام پر دم کر کے سر کے بالوں پر لگائیں۔

10- حکمت و دانائی میں اضافے کیلئے:

ایسے افراد جنہیں روزمرہ زندگی میں حکمت و دانائی سے مختلف فیصلے کرنے پڑتے ہیں۔ لوگ ان سے رہنمائی لینے کے لیے رجوع کرتے ہیں۔ انہیں چاہیے کہ روزانہ سورہ لقمان کی تلاوت بمعہ ترجمہ کر کے پانی پر دم کر کے پینا معمول بنائیں۔ جج، وکیل، افسران و حاکمان، پنچائتی، ملک، شہر، گھر، دفتر اداروں سربراہان وغیرہ اپنی حکمت و دانائی میں اضافے کے لیے سورہ لقمان روزانہ بمعہ ترجمہ پڑھنا معمول بنائیں۔

11- شفائی اثرات میں اضافے کیلئے:

ڈاکٹرز، حکماء، ہومیوپیتھک، علاج بالغذا اور روحانی علاج کرنے والے افراد جن کی سروسز کا انحصار شفائی اثرات پر ہوتا ہے۔ انہیں چاہیے کہ اپنے کام میں شفائی اثرات بڑھانے کیلئے روزانہ سورہ لقمان کی تلاوت بمعہ ترجمہ کرنا معمول بنائیں اور وسعت شفا کے حصول کیلئے دعا کریں۔

12- اولاد کو حق میں کرنے کیلئے:

اولاد کو فرماں برادر و تابعدار کرنے اپنے حق میں رکھنے کے لیے سورہ لقمان بمعہ ترجمہ پڑھ کر چینی یا کسی میٹھی شے یا پھل پر دم کر کے پلائیں

13- مؤثر تبلیغ دین کے لیے:

وہ افراد جو تبلیغ دین کا کام کرتے ہیں بطور مبلغ مقرر خطیب اپنی صلاحیتوں کو زیادہ مؤثر بنانے کے لیے روزانہ سورہ لقمان کی تلاوت بمعہ ترجمہ کرنا معمول بنائیں۔ اساتذہ اکرام ٹرینرز سپیکرز اپنے کام اور پیغام میں زیادہ اچھے نتائج دینے کے لیے روزانہ سورہ لقمان کی تلاوت بمعہ ترجمہ معمول بنائیں۔

14- سورہ لقمان ایک شفائی سورہ:

حضرت لقمان علیہ السلام اپنی حکمت و دانائی کے حوالے سے جانے جاتے ہیں۔ ان کے لقمان میں زندگی گزارنے اور اللہ تعالیٰ کی تعلیمات پر عمل کرنے کے اصول بتائے گئے ہیں۔ حضرت لقمان کو حکیم لقمان کے نام سے بھی جانا جاتا ہے۔ ذہنی اعصابی دماغی جسمانی روحانی ہر قسم کی بیماری کے علاج کے لیے سورہ لقمان بہت خاص تاثیر کی حامل ہے

16- ادویات کی تاثیر بڑھانے کیلئے:

ادویات کے شفائی تاثیر بڑھانے کیلئے سورہ لقمان بمعہ ترجمہ پڑھ کر ادویات پر دم کریں

لوح اسم اعظم

لوح اسم اعظم کسی خاص مقصد و حاجت کے حصول کے لیے آپکے نام کے مطابق اسم اعظم کا استخراج کر کے نیک و مبارک ساعتوں میں تیار کی جاتی ہے۔ لوح اسم اعظم کو گھر، کمرے، دفتر، دوکان میں رکھیں یا پاس رکھیں۔ متعلقہ اسم اعظم کا مخصوص تعداد میں ورد کریں۔ انشاء اللہ جلد حاجت و مراد حاصل ہوجائے گی۔

لوح اسم اعظم

شادی رشتہ بندش کا خاتمہ، گھریلو ازدواجی سکون، حصول اولاد، حصول جائیداد، بیرون ملک سفر میں آسانی (امیگریشن ویزہ) ٹیسٹ، انٹرویو، ملازمت، کاروباری ترقی، اعلیٰ پوزیشن، امتحانی کامیابی، سحر جادو بندش خاتمہ، گردش ونحوست کا خاتمہ، کاموں میں رکاوٹ، پریشانی دور، شفایابی، فتح ونصرت، خیر و برکت حصول مراد و حاجات کے لیے تیار کی جاتی ہے۔

دودھ کے فوائد اور بیماریوں کا علاج

1- قرآن پاک میں دودھ کا ذکر:

قرآن پاک میں اللہ تعالیٰ نے جنت کی نعمتوں کے بارے میں بیان کرتے ہوئے دودھ کا ذکر کیا ہے۔ اہل جنت کو بطور انعام دودھ کی نہریں دی جائیں گی۔ ایک حدیث شریفؐ کے مطابق یہ ایسا دودھ ہوگا جس کا مزہ اور ذائقہ تبدیل نہیں ہوگا یعنی یہ دودھ قوت بخش اور بے حد لذیذ ہوگا۔

2- دودھ کے بارے احادیث:

شب معراج اور دودھ کا مشروب:

روایات کے مطابق حضور پاکؐ جب معراج پر گئے تو آپ کو وہاں تین مشروبات پیش کئے گئے۔ آپؐ نے ان سب میں سے صرف دودھ پینا پسند فرمایا۔

3- گائے کا دودھ باعث شفا:

حضور پاکؐ نے گائے کے دودھ کو اکثر امراض میں علاج کے طور پر تجویز فرمایا اور گائے کے دودھ کو باعث شفا قرار دیا۔ حدیث مبارکہ ہے کہ ''گائے کے دودھ سے بیماریوں کا علاج کرو۔ اس لئے کہ اللہ تعالیٰ نے اس میں شفا رکھی ہے۔

گائے چونکہ ہر قسم کے پودوں کو کھا جاتی ہے۔ اس لئے اس کے دودھ میں خاص تاثیر اور اکسیر ہوتی ہے۔''

4- دودھ کھانے پینے کی شے:

حضور پاکؐ نے فرمایا ''دودھ کے سوا کسی شے کو نہیں جانتا جس کے اجزا ایک ہی وقت میں کھانے پینے کا کام دے سکیں۔''

5- بکری کا دودھ:

حضور پاکؐ نے فرمایا ''بکری کے دودھ میں تھوڑا سا پانی ملا کر پینا زیادہ مفید اور مناسب ہے''

6- اونٹنی کا دودھ:

حضور پاکؐ نے اونٹنی کے دودھ سے بنی اشیاء کو بھی پسند فرمایا۔ ایک حدیث پاکؐ کے مطابق آپ نے فرمایا ''اونٹنی کا دودھ فائدہ مند چیز ہے۔ اس میں ہر مرض کی شفا ہے۔''

7- دودھ پینے کی دعا:

حضور پاکؐ جب بھی دودھ نوش فرماتے، دعا کرتے تھے ''اے اللہ اس میں برکت ڈال دے اور ہمیں زیادہ دے''

8- دودھ کے فوائد:

اعصاب کی مضبوطی میں دودھ کا بہت اہم کردار ہے۔ دودھ دماغ کو تقویت دیتا ہے۔ طالب علموں، لکھنے پڑھنے کا کام کرنے والے افراد یا وہ افراد جنہیں دماغی کام کرنا پڑتا ہے انہیں چاہیے کہ باقاعدگی سے کم از کم ایک گلاس دودھ روزانہ پئیں۔

9- یاداشت میں اضافہ:

پڑھائی لکھائی دفتری کام کرنے والے لوگوں کیلئے ضروری ہے کہ دماغی صلاحیت میں اضافے کیلئے دودھ کا ایک کپ ضرور پئیں۔ اکثر دیکھا گیا ہے دفاتر میں چائے بہت پی جاتی ہے۔ اگر ایک دو کپ روزانہ دودھ پی لیا جائے تو دماغی طاقت بہترین ہو جائے گی۔

10- ہڈیوں پٹھوں کی طاقت:

آج کا ہڈیوں پٹھوں کی کمزوری کا مسئلہ عام ہے۔ اسکی وجہ دودھ کے بجائے کاربونیٹڈ ڈرنکس، انرجی ڈرنکس، سافٹ ڈرنکس کا بکثرت استعمال ہے۔ یہ کالے سفید رنگ برنگے مشروبات، سوڈا ڈرنکس ہڈیوں پٹھوں کو شدید نقصان پہنچاتے ہیں۔ بلکہ جسم کے دیگر اعضا معدہ، جگر، لبلبہ، آنتوں، دل و دماغ اعصاب کو بھی شدید متاثر کرتے ہیں۔ یہی وجہ ہے اسپتالوں میں ان امراض سے متعلقہ مریضوں کا رش لگا رہتا ہے۔ دوائیاں بنانے والی کمپنیاں اربوں کا منافع کما رہی ہے۔ اگر لوگ دودھ کا استعمال معمول بنالیں اور سافٹ ڈرنکس ترک کردیں بیماریاں ختم ہوسکتی ہیں۔

11- وٹامنز کیلشیئم فاسفورس کا خزانہ:

دودھ میں وٹامنز اے، بی، کیلشیئم، فاسفورس فولاد وغیرہ کی بھرپور مقدار موجود ہوتی ہے۔ دودھ کو ایک مکمل غذا کہا جاتا ہے۔ روزانہ دودھ باقاعدگی کے ساتھ پینے سے ہر قسم کی کمزوری کا خاتمہ ہو جاتا ہے۔

12- دودھ سے بیماریوں کا علاج:

(1) پرانی کھانسی؛

اگر کسی کو پرانی کھانسی ہو تو اور بلغم میں خون آتا ہو تو 2-3 دن تک مسلسل بھیڑ کا دودھ بھی گرم کر کے پلانا مفید ہے۔

(2) دودھ کی مالش؛

اگر کسی کو سردی کی وجہ سے نمونیہ ہو جائے تو جسم پر رات دن دو بار دودھ کی مالش کریں۔ اگر ملیریا کا مریض ہو تو اسکی چھاتی، سر ٹانگوں پر دودھ کی مالش کریں تو بخار سے افاقہ ہوگا

(3) سینے کی جلن؛

وہ افراد جن کو کھانے کے بعد سینے اور معدے میں جلن ہوتی ہے یا معدے کے اندر سوزش ورم ہو انہیں وقفوں وقفوں سے ٹھنڈا اور پھیکا دودھ پینا چاہیے۔

(4) خارش جلدی امراض؛

پھوڑے پھنسیاں اور جلدی دانوں خارش گرمی دانوں پر کچا دودھ لگانے سے اور مالش کرنے سے افاقہ ہوتا ہے۔

(5) شوگر کے مرض میں افاقہ؛

شوگر کے مریض مہوا دودھ سکمڈ ملک (مکھن چربیلے مادے نکلا ہوا دودھ) باقاعدگی سے پئیں بفضل تعالیٰ افاقہ ہوگا۔

(6) زبان پک جانا؛

اگر کسی کی زبان پک گئی ہو تو بکری کے دودھ کے غرارے کرے۔ بفضل تعالیٰ درد جلن تکلیف دور ہوگی۔

(7) جگر کی کمزوری؛

جگر کے مریضوں کو ہر روز 3 بار اونٹنی کا دودھ پلائیں۔ انشاء اللہ جگر کی کمزوری ختم ہو جائے گی۔

(8) دمہ کا علاج؛

اگر کسی کو دمہ کی شکایت ہو پھیپھڑوں کی نالیاں تنگ ہوگئی ہوں سانس لینے میں دقت ہوتی ہو۔ بوڑھی بھینس کا دودھ دن میں 3 بار تھوڑا تھوڑا پلائیں۔ انشاء اللہ افاقہ ہوگا

(9) جنسی قوت میں اضافہ؛

~~آج~~ ناقص بازاری غذاؤں سافٹ ڈرنکس برائلر چکن وغیرہ کے بکثرت استعمال اور ورزش واک کے نہ ہونے کی وجہ سے جنسی امراض بڑھ رہے ہیں۔ جنسی قوت کی بحالی اور اضافے کے لیے روزانہ دودھ کے اندر شہد اور پسی ہوئی دار چینی ملا کر پئیں۔

(10) مردانہ کمزوری کا علاج؛

شادی شدہ افراد کمزوری محسوس کریں تو دودھ میں شہد اور روغن بادام 2-2 چمچ ملا کر پئیں۔ بھیڑ کا دودھ زیادہ بہتر ہے۔

(11) لیکوریا ختم؛

لیکوریا کی مریض خواتین ابلا ہوا ٹھنڈا پھیکا دودھ روزانہ کم از کم دو گلاس پینا معمول بنالیں۔ چند ماہ میں اس موذی مرض سے نجات مل جائے گی۔ کچی لسی سے رحم دھونے سے اس بیماری میں افاقہ ہوتا ہے۔

(12) حیض / پیشاب کی رکاوٹ؛

حیض کم ہو یا پیشاب میں رکاوٹ ہو ہرنی کا دودھ روزانہ پینے سے بفضل تعالیٰ شفا ملتی ہے

(13) قوت باہ میں اضافہ؛

قوت باہ (جنسی طاقت) میں اضافے کے لیے اونٹنی کا دودھ پینا معمول بنالیں

13) مادہ تولید میں اضافہ؛

اولاد پیدا کرنے والے جرثوموں میں اضافے کے لیے گائے کا دودھ بہت مفید ہے

(14) چہرے کے نکھار کے لیے؛

چہرے پر ہر قسم کے کیل مہاسوں، دانوں، چھائیوں، خشکی، سیاہی کے علاج کے لیے بھیڑ یا بکری یا گائے کا دودھ چہرے پر ملنے سے چہرے پر نکھار آجاتا ہے۔ بفضل تعالیٰ جلدی امراض سے نجات مل جائے گی۔

(15) ذہنی مراض وسواس کا خاتمہ؛

اگر کسی کو نسیان وسواس وہم مالیخولیا ڈپریشن ذہنی امراض ہوں تو باقاعدگی سے دودھ کا استعمال کرے۔ بفضل تعالیٰ شفا ہوگی۔

(16) یورک ایسڈ کنٹرول؛

گوشت زیادہ کھانے کی وجہ سے اکثر لوگوں کا یورک ایسڈ بڑھ جاتا ہے اور گنٹھیا کا مرض ہو جاتا ہے۔ ایسے لوگ روزانہ گائے کا دودھ پینا معمول بنالیں۔ بفضل تعالیٰ شفا ہوگی

(17) بینائی کی بحالی اور اضافہ؛

دودھ پینے سے آنکھوں کی بینائی بحال اور برقرار رہتی ہے بلکہ بینائی تیز ہو جاتی ہے۔

(18) خون کی صفائی اور اضافہ؛

گائے کا دودھ نیا خون پیدا اور صاف کرتا ہے

(19) دانتوں بالوں ناخنوں کی مضبوطی؛

آج کل بال گرنے کا مرض عام ہے۔ اس کی وجہ دودھ کے استعمال کی کمی ہے۔ دودھ کا

روزانہ استعمال دانتوں، بالوں اور ناخنوں کو مضبوط کرتا ہے۔

(20) بال گرنا بند؛

گائے کے دودھ سے روزانہ سر کی مالش کریں تو گرتے بال رک جاتے ہیں اور نئے بال اگنا شروع ہو جاتے ہیں۔

(21) مثانے کے زخم ختم؛

بکری کا دودھ پینے سے مثانے کے زخم اور اندرونی چوٹیں ٹھیک ہو جاتی ہیں۔

(21) سوکھے پن کا علاج؛

جو بچے سوکھے پن کا شکار ہوں انہیں اگر ہر روز وقفوں سے بکری کا دودھ پلایا جائے تو ان کے جسم کی نشو ونما بہتر ہو جاتی ہے۔

(22) آنتریوں کے زخم ختم؛

پیٹ کی کئی بیماریوں اور انتریوں کے زخم ہو تو بھیڑ کے دودھ میں کیکر کا گوند شامل کرے پینا باعث شفا ہے

(23) زہریلی دواؤں کے اثرات زائل؛

بھیڑ کا دودھ زہریلی دواؤں کے سائیڈ ایفیکٹس کے خاتمے کے لیے بہت مفید ہے۔ اینٹی بائیوٹیکس میڈیسن کے سائیڈ ایفیکٹ سے بچنے کے لیے یہ ادویات دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔

(24) حرام مغز کو تقویت؛

دودھ حرام مغز کو بھی بھرپور طاقت دیتا ہے۔ دودھ کا مستقل استعمال کمر حرام مغز اعصابی کمزوری پٹھوں چہروں ہڈیوں کے امراض کا شافی علاج ہے

(25) نیند کی کمی؛

نیند کی کمی ہو تو صبح شام ایک گلاس دودھ پینا معمول بنالیں۔ بفضل تعالیٰ مسئلہ حل ہو جائے گا

کرشماتی تھیلی

فی زمانہ ضروریات زندگی پوری کرنے کیلئے مال و دولت کی ضرورت بھی بہت بڑھ گئی ہے۔ اسی لیے اس مہنگائی کے دور میں جتنا کمائیں کم ہیں۔ پہلے دور میں ایک آدمی کماتا تھا تو سب گھر والے باآسانی کھاتے تھے، اب سب کماتے ہیں پھر بھی خرچے پورے نہیں ہوتے۔ ہر کوئی بے برکتی اور تنگ حالات کا شکوہ کرتا ہے۔

اگر ہم اپنے آباؤ اجداد بزرگوں کی زندگی پر نظر ڈالیں تو معلوم ہوگا کہ ان کی زندگی میں روپے کی اسقدر ریل پیل نہ تھی مگر انہیں برکت حاصل تھی۔ جتنے بھی وسائل ان کے پاس تھے، اچھا گزارہ ہو جاتا تھا۔

زمانہ قدیم میں اولیاء اکرام نیک ہستیوں کے پاس ایک تھیلی ہوتی تھی جس میں وہ اپنی گذر اوقات کی رقم رکھتے تھے، حسب ضرورت رقم اس تھیلی سے ملتی رہتی تھی۔ یہ تھیلی بفضل تعالیٰ خاص برکت کی حامل ہوتی تھی۔

ادارہ کشف روحانی نے بزرگوں کے علم و روحانی اعمال سے اکتساب کرنے کے بعد یہ کرشماتی تھیلی اور روحانی وظائف ترتیب دیئے ہیں جس کی روحانی قوتوں سے انشاءاللہ مال دولت کی کمی نہیں رہتی ہے۔

کرشماتی تھیلی کیلئے ادارہ کے دفتر تشریف لائیں

ادارہ کشف روحانی

323 کریم بلاک علامہ اقبال ٹاؤن لاہور

(نزد اللہ والی مسجد بالمقابل یونین کونسل آفس سٹریٹ نمبر 9

0300-8083509 , 0333-4502187



لوح شادی

انشاءاللہ لوح شادی کی برکت سے رشتے رشادی میں ہر قسم کی رکاوٹ بندش، تاخیر، پریشانی ختم ہوگی انشاءاللہ اچھی جگہ رشتہ رشادی طے ہو جائے گی

شادی میں بلاوجہ تاخیر	شادی میں رکاوٹ	گھر والوں کی مخالفت
رشتہ رمنگنی بار بار ٹوٹنا	اچھا رشتہ نہ آنا	بندش رشتہ
منگل یوگ کی وجہ سے شادی رکنا	محبت کی شادی میں ناکامی	پسند کی شادی میں رکاوٹ
جادو سے بندش شادی	سیاروں کی گردش	شادی سے انکار

شادی کا زائچہ بنوائیں شریک حیات کیسا ہوگا کیا یہ شادی کامیاب رہے گی؟ سیارے کیا کہتے ہیں رشتے رشادی کی موافقت جاننے کے لیے اپنا زائچہ شادی بنوائیں

لوح شادی بنوانے کے لیے
ادارہ کشف روحانی
سے رابطہ کریں

ادارہ کشف روحانی
323 کریم بلاک ، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور
0333-4502187
0300-8083509

[مون سٹون Moon Stone]

اگر آپ کی تاریخ پیدائش 22 جون سے 23 جولائی کے دوران ہے تو آپ کا تعلق برج سرطان (Cancer) سے ہے۔ برج سرطان کا حاکم سیارہ قمر (Moon) ہے۔ برج سرطان والوں کا لکی سٹون حجرالقمر (Moon Stone) ہے۔

اگر آپ کو اپنی تاریخ پیدائش معلوم نہ ہو اور آپ کے نام کا پہلا حرف ح، ہ سے شروع ہوتا ہو تو آپ کا تعلق بھی برج سرطان سے ہے۔ آپ کے لیے بھی ''مون سٹون'' بہت موافق نگینہ ہے۔

چاند شمسی نظام کا ایک اہم سیارہ ہے۔ سورج کے بعد دنیا میں روشنی کا دوسرا بڑا سیارہ ہے۔ یوں تو ہر سٹون کسی نہ کسی سیارے سے تعلق رکھتا ہے لیکن مون سٹون اور سن سٹون دو ایسے نگینے ہیں جن کے نام سیارہ قمر اور سیارہ شمس کی مناسبت سے رکھے گئے ہیں۔

قدرت کے اس خوبصورت شاہکار پتھر کو انگریزی میں مون سٹون عربی میں حجرالقمر سنسکرت میں چندر کانت اور یونانی میں اپروسیلس کہتے ہیں۔ جس کا لفظی مفہوم درخشاں مہتاب کے ہیں۔ اہل روما اسے لونریز کے نام سے جانتے ہیں۔

حجرالقمر (مون سٹون) کو اس کے علاوہ دیگر کئی ناموں سے بھی پکارا جاتا ہے۔ مون سٹون کی نورانی ہیت کی وجہ سے اللہ نور بھی کہا جاتا ہے۔ مزید اسے براق القمر، زیدالجز، پیری ڈیلون، لوئز بھی اس کے نام ہیں۔ مون سٹون دنیا کے قدیم ترین جواہر میں شمار ہوتا ہے۔

سائنسدانوں کے مطابق حجرالقمر کی عمر ڈھائی سے تین ارب سال ہے۔ اس پتھر کا چاند سے بڑا گہرا تعلق ہے۔ مون سٹون کے کیمیائی اجزاء میں سلیکا 64.7 فیصد، ایلومینم 18.4 فیصد، پوٹاشیم 16.9 فیصد شامل ہیں۔ اس کی سختی 6 درجے وزن مخصوصہ 2.57 درجے، عکس 1.51 درجے ہے۔ مون سٹون کو عقل مندی میں معاون سٹون قرار دیا جاتا ہے۔ یہ سٹون انسانی ذہن دماغ اعصاب پر بہت مثبت اثرات پیدا کرتا ہے۔

مون سٹون کی بہت سی اقسام ہیں لیکن اس کی یہ اقسام زیادہ مشہور ہیں۔

1- لایونین: یہ پتھر عقاب کے گھونسلے میں پایا جاتا ہے۔

2- فش آئی (Fish Eye) (چشم ماہی)

پلائنی کے مطابق اس قسم کا رنگ نیلا سفید ہوتا ہے اور اس کی شکل منجمد برف کی طرح ہوتی ہے۔

3- عمدہ رنگدار: یہ قسم سفیدی مائل نیلی اور زردی مائل سفید ہوتی ہے۔ اس کے علاوہ مذکر، مونث سٹون بھی اہم اقسام ہیں۔

مون سٹون سفید رنگ میں بلوری چمک کا صاف شفاف شیشہ نما پتھر ہے۔ اس کی سطح شیشے کی طرح چمکدار روشن ہوتی ہے۔ اس نگینے کے اردگرد روشنی کا ایک حلقہ ہوتا ہے، اندر بھی سفیدی پائی جاتی ہے۔ مون سٹون میں چاند کا عکس دکھائی دیتا ہے۔ چاند کے گھٹنے اور بڑھنے سے نگینے کی سفیدی میں کمی ا اور اضافہ نظر آتا ہے۔ یہ رات کو بہت چمکتا ہے۔

چاند کی ابتدائی تاریخوں میں اس کی چمک دمک میں بتدریج اضافہ ہوتا ہے۔ عروج ماہ میں بہت زیادہ چمک آجاتی ہے۔ قمری ماہ کی چودھویں تاریخ کے بعد جوں جوں چاند کی روشنی کم ہوتی ہے اس کی آب و تاب بھی کم ہونے لگتی ہے۔ یہ قدرت کا ایک شاہکار پتھر ہے۔

کیلنڈر دیکھے بغیر اس کی چمک کے مطابق قمری تاریخوں اور قمری عروج و زوال کا تعین کیا جاسکتا ہے۔

مون سٹون کئی رنگوں میں پایا جاتا ہے۔ سفید دودھیا، زردی مائل سفید، سفیدی مائل نیلا، سرخی مائل سفید، مون سٹون کے ہر رنگ میں سفیدی کی جھلک نمایاں ہوتی ہے۔

مون سٹون کا شمار دنیا کے قدیم جواہر میں ہوتا ہے۔ چاند سے تعلق کی وجہ سے مون سٹون کو پاس رکھا جاتا تھا تاکہ چاند کی تاریکوں کے تعین میں مدد مل سکے۔ مون سٹون مذکر مونث دونوں قسموں میں پایا جاتا ہے۔ مذکر مون سٹون سرخی مائل سفید رنگت کا حامل ہوتا ہے جبکہ مونث مون سٹون انڈے کی شکل کا سفید رنگ کا ہوتا ہے۔ اس کے علاوہ عمدہ رنگدار اور ملے جلے رنگ کا بھی ہوتا ہے۔ مون سٹون کی ایک قسم سنگ عقاب ہے جو عقاب کے آشیانے میں پایا جاتا ہے۔ مون سٹون میں خاص قسم کی پرسرار کشش جاذبیت پائی جاتی ہے۔

عقاب مون سٹون پر فریفتہ ہوتا ہے۔ جہاں مون سٹون دیکھتا ہے اٹھا کر اپنے گھونسلے میں لے جاتا ہے اور اپنے انڈوں کے ہمراہ رکھتا ہے۔ اس وجہ سے مون سٹون کی اس قسم کو عقابی مون سٹون یا سنگ عقاب بھی کہتے ہیں۔

یہ بات مشہور ہے کہ عقاب کے بچے پیدائش کے کچھ دنوں کے بعد جب اپنی آنکھیں کھولتے ہیں تو گھونسلے میں مون سٹون کے پتھر ان پر اپنے خاص اثرات مرتب کرتے ہیں۔

مون سٹون کا سیارہ قمر برج سرطان ہے۔ برج سرطان کے خواتین و حضرات کے لیے مون سٹون سب سے موافق پتھر ہے۔ اس کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ چاند گرہن کے دوران مون سٹون کو دیکھیں تو محسوس ہوتا ہے کہ اس میں سے پانی ٹپک رہا ہے۔ چاند کی چودھویں رات کو مون سٹون کی چمک دمک اپنے عروج پر ہوتی ہے اور چاند کی تصویر پتھر کے اندر مکمل ہو جاتی ہے۔

مون سٹون انسانی زندگی پر کئی طرح کے روحانی طبی عمومی اثرات مرتب کرتا ہے۔ مون سٹون کے زیادہ تر خواص وہی ہیں جو سیارہ قمر سے متعلقہ ہیں۔ سیارہ قمر ٹھنڈی روشنی دینے والا سیارہ ہے۔

قمر جذبات احساسات دماغی صلاحیتیں، عزت و شہرت، صحت و شفاء، بیرون ملک سفر، سیر و سیاحت، مال و دولت، تجارت، آرائش و زیبائش، سحر جادو بندش رنگ روپ، خوشحالی ترقی سے منسلک ہے۔ اس میں کئی طلسماتی خواص ہیں۔ مون سٹون کو پھل دار درخت سے باندھ دیا جائے تو اس پر زیادہ پھل لگتے ہیں۔

دفتر، شوروم، فیکٹری، روزگار کی جگہ پر مون سٹون کا لاکٹ لٹکانے سے زیادہ آمدن و ترقی ہوتی ہے۔ دشمن، حاسدین سے حفاظت رہتی ہے، سحر اور بندش کا خاتمہ ہوتا ہے۔ غربت بدحالی، مالی تنگی دور ہو جاتی ہے۔ خوشحالی نصیب ہوتی ہے۔ ذاتی گھر، سواری کے حصول میں آسانی ہوتی ہے۔ پسند کی شادی کے لیے چوتھی انگلی میں مون سٹون بروز پیر صبح کے وقت پہننا بہت فائدہ مند ہے۔

قمر سفر کا سیارہ ہے۔ اگر زائچہ کا نواں گھر اچھی حالت میں ہو تو ویزا امیگریشن میں آسانی ہو جاتی ہے۔ سفر وسیلہ ظفر ثابت ہوتا ہے۔ مون سٹون انگوٹھی یا لاکٹ میں بنوا کر پہننے سے سفر میں رکاوٹ دور ہو جاتی ہے۔ مون سٹون صاف شفاف اور کم از کم پانچ کیرٹ کا ہو اور ساعت قمر میں پہننا مفید نتائج دیتا ہے۔

مون سٹون وفاداری کا پتھر ہے۔ میاں بیوی میں باہمی موافقت پیدا کرتا ہے۔ شریک حیات کو اپنے حق میں رکھنے اور گھریلو ازدواجی سکھ کے لیے مون سٹون بہترین ہے۔ مون سٹون پہننے سے وجدانی اور روحانی صلاحیتیں بیدار رہتی ہیں۔ نیک نامی بڑھتی ہے۔ علم و ہنر میں ترقی ہوتی ہے۔ دل سے خوف دہشت پریشانی دور ہوتی ہے۔ سکون قلب و نظر حاصل ہوتا ہے۔

مون سٹون امن کا پتھر ہے۔ اسے پہننے سے دوستوں کے مابین تعلقات بہتر ہوتے ہیں۔ دشمن بتدریج دوستی کی طرف مائل ہونے لگتے ہیں۔ اسے پہننے سے علوم وفنون سیکھنے اور سمجھنے کی صلاحیت میں اضافہ ہوتا ہے۔ اسے ہیلتھ سٹون بھی کہا جاتا ہے۔ اس کے استعمال سے بلڈ پریشر، نزلہ، زکام، سردرد، سستی، کاہلی، ذہنی و اعصابی عوارض سے نجات مل جاتی ہے۔

وہ لوگ جو سحر، جادو بندش کی وجہ سے ناکامی کا شکار ہیں اس سے استفادہ کریں۔ بروز پیر ساعت قمر میں مون سٹون پہنیں۔ ہر قسم کی بندش کا تدارک ہو جائے گا۔ مون سٹون شادی رشتے میں تاخیر، گھریلو ناچاقی کے خاتمے اور کامیاب شادی کے لیے انتہائی موثر ہے۔

مون سٹون مختلف بیماریوں جنون، مالیخولیا، جذام، برص، بلڈ پریشر، عمومی کمزوری، اعصابی و پٹھوں کا کھچاؤ میں شفاء کا باعث ہے۔ یہ بہت سے دماغی امراض کا علاج ہے۔ طبی طور پر مون سٹون استعمال کرنے حافظہ نسیان، دماغی کمزوری کے مرض میں افاقہ ہوتا ہے۔

مون سٹون دنیا کے بہت سے ممالک میں پایا جاتا ہے جن میں پاکستان، بھارت، سری لنکا، تنزانیہ، امریکہ، عرب کے پہاڑی علاقے شامل ہیں۔

اصل مون سٹون کی شناخت مسلسل تجربے سے آسان ہو جاتی ہے۔ مون سٹون کی شکل برف کی طرح ہوتی ہے۔ اس کی چمک بہت عمدہ چاندی کی طرح ہوتی ہے۔ رات کے وقت اس کی چمک میں اضافہ ہو جاتا ہے۔ اس وقت یہ کسی سے روشنی حاصل نہیں کرتا بلکہ از خود روشن ہو جاتا ہے۔ اس کے گرد سورج کی طرح کی روشنی کا حلقہ ہوتا ہے اور اس کے اندر سے بھی سفیدی نمایاں نظر آتی ہے۔

ہمیشہ اصل مون سٹون پہنیں، جعلی یا ناقص پتھر پہننے کی وجہ سے فائدے کی بجائے نقصان ہوسکتا ہے۔ مثلاً ذہنی عدم توازن ہو جانا، خرابی صحت، ڈراؤنے خواب، بندشی اثرات بڑھ جانا، دشمنی مخالفت میں اضافہ، چاندی میں پہننے سے مون سٹون کے مثبت اثرات میں مزید اضافہ ہو جاتا ہے۔

مون سٹون علم وفن سے وابستہ لوگوں میں بہت مقبول ہے۔ جواہرات کے حوالے سے میرے ریسرچ کالم ''فیملی میگزین (نوائے وقت)'' اور روزنامہ ''آج کل'' کے ''ات وار'' میگزین میں ہفتہ وار شائع ہوتے رہے ہیں۔

جن دنوں میں نے مون سٹون پر مضمون لکھا تو مجھے ایک دن ایک فون آیا کہ کاشف آپ کا کالم میگزین میں پڑھا۔ میں عرصہ دراز سے مون

سٹون کو سٹڈی کر رہا ہوں کئی ملکی غیر ملکی کتابوں کا مطالعہ کر چکا ہوں لیکن آپ نے جس جامعیت اور تفصیل سے مون سٹون کی ہسٹری، کیمیکل کمپوزیشن سے لے کر اس کے خواص کے بارے میں بیان کیا ہے وہ واقعی بہت شاندار ہے۔ اس دوران انہوں نے بتایا کہ میں صحافی حسن نثار بات کر رہا ہوں۔ آج کل ٹی وی پروگرام ''چوراہا'' کمپیئر کر رہا ہوں۔

میری خواہش ہے کہ آپ سٹونز کے خواص و فوائد اور برجوں سیاروں کے مطابق موافق نگینوں کے بارے میں میرے ساتھ پروگرام کریں۔ میں نے عزت افزائی پر ان کا شکریہ ادا کیا۔ اس کے بعد ان کے جیو ٹی وی پروڈیوسر کا فون آیا اس نے پروگرام کی ریکارڈنگ کا وقت اور دن بتایا۔

پروگرام کے آغاز میں ہی حسن نثار نے مون سٹون کے اس مضمون کی تعریف کی اور کہا کہ میں کاشف صاحب کی اس تحریر کو پڑھ کر بہت متاثر ہوا اور میں نے انہیں ٹی وی پروگرام میں شرکت کی دعوت دی۔

یہ میرے لیے ایک اعزاز کی بات تھی۔ میں نے اللہ تعالیٰ کا بے حد شکر ادا کیا جس نے میرے قلم کو اس قدر پذیرائی بخشی۔ بہرحال اس بارے میں مزید تفصیل آپ اگلے کسی باب میں پڑھیے یا ("You Tube") پر 15-01-20-11 کا جیو ٹی وی (جیو نیوز) کا پروگرام ''چوراہا'' دیکھئے۔

اصل مون سٹون کا نگینہ آپ ادارہ کشف

لکی باکس
خوشحالی وخوش قسمتی کا برکاتی ڈبہ

حیرت انگیز خوصیات کا حامل خوش قسمتی کا برکاتی ڈبہ بفضل تعالیٰ پاکستان اور پوری دنیا سے خواتین و حضرات نے اس حیران کن کرشماتی برکاتی ڈبے کی حیران کن خوبیاں سے استفاد حاصل کیا ہے۔

لکی باکس کی روحانی طاقت کے باعث حاصل ہونے والے کثیر فوائد کی بدولت اس کی مقبولیت اور طلب میں اضافہ ہو رہا ہے

لکی باکس کی چند اہم خصوصیات یہ ہیں:

اس میں رکھی اشیاء جادو، سحر، بدنظر، ہوائی طاقتوں کے ذریعے چوری یا خراب ہونے سے محفوظ رہتی ہیں۔


اس میں رکھے پرائز بانڈز پر انعام کا حصول یقینی ہے۔

دوا سے شفا اور چہرے کی خوبصورتی حاصل ہوتی ہے

ملازمت میں ترقی، مقدمات میں فتح، اور امتحانات میں کامیابی کے لیے دستاویز اس میں رکھیں۔

اس میں رکھے گئے نگینوں، انگوٹھیوں یا زیورات کے روحانی اثرات وقوت میں بے پناہ اضافہ ہوتا ہے

قیمت 3000 روپے ہے



سفر میں کامیابی لوح سفر

اگر آپ بسلسلہ
تعلیم، روزگار، کاروبار، رہائش، سیٹلمینٹ کے لیے بیرون ملک
جانے کے خواہشمند ہیں تو
سفر میں کامیابی کے لیے "لوح سفر" بنوا کر پاس رکھیں

ویزا کے حصول میں ناکامی	بیرون ملک سیٹل نہ ہونا
بیرون ملک سے ناکام واپس آجانا	جادو عملیات سے سفر کی بندش

بیوی کا بیرون ملک شوہر کے پاس جانے میں ناکامی/رکاوٹ

سفر کے سیاروں کی بندش	یورپ، امریکہ، کینیڈا کی امیگریشن
بیرون ملک ملازمت/کاروبار کی پریشانی	بیرون ملک تعلیم میں ناکامی ہونا

حصول ویزا، امیگریشن کے لیے/سفر وسیلہ ظفر بنانے کے لیے

ایک بہترین کامیاب عمل جس کی برکت سے بفضل تعالیٰ بہت سے خواتین وحضرات
بیرون ملک امیگریشن/حصول ویزا میں کامیابی حاصل کر چکے ہیں

زائچہ سفر

ویزا اپلائی کرنے سے قبل سفر کی ناکامی/
کامیابی جاننے کے لیے زائچہ بنوائیں

ہدیہ لوح کارڈ پر 3000 روپے | ہدیہ لوح دھات پر 5000 روپے

علمی و روحانی رہنمائی

آپ کے سوالات کے جوابات (سید کاشف خلیل)

سات سیاروں کی لوح

فاروق حسن ---------- لاہور

سوال: محترم شاہ صاحب آپ کے بارے میں کشف روحانی جنتری سے پڑھا اور رابطہ کیا۔ آپ سے اپنا زائچہ بنوایا۔ میں عرصہ دراز سے کاروباری مسائل مشکلات کا شکار تھا۔ گھریلو معاملات میں کئی تنازعات چل رہے تھے۔ وراثتی جائیداد کی وجہ سے مقدمات چل رہے تھے۔

آپ نے زائچہ بنا کر گردش سیارگان کا بتایا۔ بطور روحانی تدارک آپ سے سات سیارگان کی لوح بنوائی اور آپ کی بتائی ہو پڑھائی کی۔ بفضل تعالیٰ چند ہفتوں میں ہی کاروباری حالات اچھے ہوگئے۔ وراثتی مقدمات میں فیصلہ میرے حق میں ہوگیا۔ گھریلو تنازعات بھی ختم ہو گئے۔ کیا پڑھائی جاری رکھوں اور اس اس لوح کا کیا کروں

جواب: اللہ کا شکر جس نے آپ کی مدد فرمائی۔ نماز پنجگانہ میں کوتاہی نہ کریں۔ نماز شکر کا بہترین اظہار ہے۔ حسب توفیق ضرورت مندوں کی مدد کرتے رہیں۔ انشاء اللہ باقی معاملات بھی حل ہو جائیں گے۔

منگل یوگ

سعدیہ ---------- ملتان

سوال: میری شادی کو تاخیر ہوگئی تھی۔ 32 سال گذرنے کے باوجود کہیں رشتہ طے نہ پاتا تھا۔ انٹرنیٹ پر کشف روحانی جنتری پڑھ کر آپ سے رابطہ کیا۔ آپ نے زائچہ بنا کر منگل یوگ کے تدارک کے لیے لوح رد منگل یوگ (لوح شادی) بنا کر دی اور پڑھائی بتائی۔ بفضل تعالیٰ ایک ماہ میں ہی رشتے کی بات چل پڑی اور رشتہ طے پا گیا۔ شادی کو تین ماہ ہوگئے ہیں۔ کیا پڑھائی جاری رکھوں اور یہ لوح اپنی کسی بہن کو دے دوں۔ آپ کے لیے دعا گو ہوں آپ نے درست رہنمائی فرمائی۔ آپ کا بہت شکریہ۔

جواب: الحمدللہ اللہ نے نصیب کشائی فرمائی۔ پڑھائی تبدیل کرلیں اور نماز پنجگانہ باقاعدگی سے ادا کریں۔ اپنی سسٹر کے الگ ''لوح شادی'' بنوائیں۔ یہ لوح صرف آپ کے نام کے مطابق بنا کر دی ہے

پسند کی شادی

روف میمن -------- کراچی

سوال: مسٹر کاشف میں اپنے قریبی رشتے داروں میں ایک لڑکی سے شادی کا خواہشمند ہوں۔ پچھلے سال سے اسے پسند کرتا ہوں اور شادی کرنا چاہتا ہوں۔ لیکن اس سلسلے مشکلات کا شکار تھا۔ روزگار نہ ہونے کی وجہ سے وہ رشتہ دینے کو تیار نہ تھے۔ آپ کے بارے میں ایک دوست سے علم ہوا۔

آپ سے استخارہ زائچہ بنوایا اور لوح شادی بطور روحانی ٹریٹمنٹ حاصل کی۔ آپ نے جو پڑھائی بتائی باقاعدگی سے کی۔ بفضل تعالیٰ چند روز میں ہی مجھے سرکاری ملازمت مل گئی اور ان لوگوں نے خود ہی رشتے کی خواہش کردی۔ اللہ کا شکر اگلے ماہ میری شادی ہے۔

جواب: دعا اور شکر کی برکت سے بفضل تعالیٰ ہر مراد پوری ہوتی ہے۔ اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرتے رہیں اور نماز کی پابندی کریں۔ شادی کی کامیابی کے لیے لوح بندھن بنوا کر پاس رکھیں تاکہ ازدواجی گھریلو زندگی کامیاب رہے۔

تعلیمی بندش

منائل خان -------- پشاور

سوال: مسٹر کاشف صاحب میں کشف روحانی جنتری سے آپ کا نمبر لے کر رابطہ کیا۔ میرے دو بیٹے ہیں اور کلاس 9th اور 10th میں پڑھتے ہیں۔ لیکن پچھلے ایک سال سے پڑھائی سے ان کی توجہ ہٹ گئی۔ ہر وقت گیمز، ٹی وی کی طرف دھیان رہتا ہے۔ اگر سمجھاؤں تو برا مناتے ہیں۔ بدتمیزی پر اتر آتے ہیں۔ موبائل پر آوارہ دوستوں سے بات کرتے رہتے ہیں۔ ان کے والد امریکہ میں ہوتے ہیں۔

آپ کے بارے میں روحانی گائیڈ میگزین میں پڑھا۔ آپ نے زائچہ بنا کر سیارہ عطارد کی کمزوری کے حل کے لیے لوح عطارد تعلیمی بنا کر دی۔ بفضل تعالیٰ ایک ماہ میں ہی دونوں کے رویے بہتر ہوگئے۔ پڑھائی پر توجہ دے رہے ہیں۔ اللہ کی بہت شکر گزار ہوں جس نے میرا مسئلہ حل فرمایا۔ آپ کے لیے بھی دعا گو ہوں کہ آپ نے میری رہنمائی فرمائی۔

جواب: اللہ تعالیٰ کا بہت شکر ہے۔ پڑھائی جاری رکھیں۔ انشاء اللہ تعلیمی مسائل حل ہو جائیں گے۔

12 برجوں کی مشترکہ لوح

شہریار عظیم -------- دبئی

سوال: شاہ صاحب میں عرصہ دراز سے دبئی آیا ہوا ہوں۔ لیکن کاروبار مکمل طور پر سیٹ نہیں ہو پاتا کہ کوئی نہ کوئی نقصان ہو جاتا ہے جس سے کاروبار ختم ہو جاتا ہے۔ کشف روحانی جنتری کے فیس بک پیج پر رابطہ کیا۔ آپ نے برجوں اور سیاروں کی نحوست کا بتایا اور ''12 برجوں کی لوح'' بنا کر دی۔ بفضل تعالیٰ کاروبار پچھلے دو ماہ

میں بہتر ہو گیا ہے۔ نئے آرڈر مل رہے ہیں۔ میرے ایک دوست کو بھی لوح درکار ہے۔ اسے آپ کا نمبر دے رہا ہوں۔

جواب: اللہ تعالیٰ کا شکر ہے کہ نحوست گردش کے سفر اثرات ختم ہوئے۔ بہت سے لوگ سیاروں کی نحوست تدارک کے لیے لوح بنوا رہے ہیں۔ لیکن برجوں کی نحوست کا کوئی تدارک نہیں کرواتے۔ یہ لوح ''سورہ بروج'' کی آیت ''واسماء ذات البروج'' ترجمہ قسم ہے آسمان کی جو برجوں والا ہے۔ کے مطابق تیار کی جاتی ہے۔ بفضل تعالیٰ بہت مجرب و طاقت ور آزمودہ عمل ہے۔

اتوار اور ماہانہ محفل پاک

مسز حرا علی -- لاہور

سوال: شاہ صاحب میں باقاعدگی سے ماہانہ محفل میلاد میں شرکت کرتی ہوں۔ اس کے علاوہ گلشن اقبال پارک میں اتوار کی محفل کی وڈیو یوٹیوب اور کشف روحانی جنتری کے facebook اکاؤنٹ پر دیکھتی رہتی ہوں۔ مجھے عرصہ دراز سے صحت کے مسائل چل رہے تھے۔ اس کے علاوہ کچھ گھریلو مسائل کا سامنا تھا۔ بفضل تعالیٰ محفل میلاد میں حصہ لینے کی برکت سے میرے جملہ مسائل حل ہو گئے۔ اللہ تعالیٰ کی بہت شکر گزار ہوں جس نے میری دعا سن لی۔

جواب: دعا رحمتوں کے دروازے کھول دیتی ہے۔ دینی و دنیاوی حاجات مرادوں کی بار آوری کے لیے گھر دفتر دوکان میں میلاد مبارک کی محفل کروانا معمول بنائیں۔ یا محفل میلا کی کسی قریبی محفل میں شرکت کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ مسائل و مشکلات کے بادل چھٹ جائیں گے اور رحمت خداوندی نازل ہوگی۔ آمین۔

لوح انعامی بانڈ

مسز ثمرہ -------- آزاد کشمیر

سوال: کاشف صاحب میں ایک ورکنگ وومن ہوں اور سرکاری ادارے میں جاب کرتی ہوں۔ اپنی بچت سے انعامی بانڈز لے کر رکھتی ہوں لیکن کئی برس گزر گئے کبھی انعام نہیں نکلا۔ ایک روز کشف روحانی جنتری کے بارے میں انٹرنیٹ پر پڑھا اور کشف روحانی جنتری آپ سے PDF منگوائی اور حصول انعام کے لیے آپ سے لوح انعامی بانڈز بنوائی۔ بفضل تعالیٰ مجھے پہلی بار اس ماہ انعام کی کی خوشی ملی ہے۔ اللہ تعالیٰ کی لاکھ لاکھ شکر گزار ہوں۔

جواب: الحمد اللہ پڑھائی جاری رکھیں۔ یہ لوح صرف آپ کے لیے خصوصی طور پر بنائی گئی ہے۔ دیگر افراد کے لیے علیحدہ علیحدہ لوح تیار ہوگی۔

سورہ الم نشرح کے فضائل وفوائد

مشکل کام میں آسانی:

اگر کوئی سورہ الم نشرح 41 بار نماز عشا کے بعد پڑھے تو اس کا اہم اور مشکل کام آسان ہو جائے گا۔

دل وسینہ کا درد:

اگر کسی کو سینہ میں درد کی شکائت ہو تو سورہ الم نشرح پڑھ کر مریض پر دم کریں۔ شفا نصیب ہوگی۔ اس کا تعویز گلے میں پہننے سے انشاء اللہ سینہ و دل کے امراض میں شفاء ملتی ہے۔

سردی زیادہ لگتی ہو:

اگر کسی کو سردی زیادہ لگتی ہو تو سورہ الم نشرح زعفران اور گلاب سے لکھ کر پانی میں گھول کر پلا دیں۔ سردی ختم ہو جائے گی۔

پیشاب کی بندش:

اگر کسی کو پیشاب کی بندش کا سامنا ہو تو وہ کسی برتن پر سورہ الم نشرح لکھ کر اس کا پانی پیئے۔

پتھری مثانہ کا علاج:

پتھری مثانہ کے مریض کو سورہ الم نشرح کا پانی روزانہ پلایا جائے تو شفاء نصیب ہوتی ہے۔

زندگی میں سکھ چین کے لیے:

روزانہ 11 مرتبہ سورہ الم نشرح کی تلاوت کرنا معمول بنالیں بفضل تعالیٰ غم پریشانی سے نجات ملے گی زندگی سکھ چین سے گذرے گی۔

مال میں برکت کے لیے:

مال وکاروبار میں برکت کے لیے مال خرید کر اس پر 3 بار سورہ پڑھ کر دم کریں۔

گنٹھیا کے مرض میں شفاء:

سورہ الم نشرح کا نقش/تعویز لکھ کر مریض کے گلے میں ڈال دیں۔ انشاء اللہ شفاء ہوگی۔

وسواس کا خاتمہ:

اگر کسی شخص کو وسواس نے گھیر رکھا ہو تو روزانہ 7 بار سورہ الم نشرح پڑھ کر دم کریں انشاء اللہ دل کی صفائی ہوگی اور وسواس ختم ہوں گے۔

چوتھے بخار میں شفاء:

روٹی پر سورہ الم نشرح لکھ کر چوتھے بخار والے کو کھلائیں انشاء اللہ شفا ملے گی۔

تعلیمی کامیابی کیلئے روحانی حل

اگر آپ کے بچے / بچی کا دل پڑھائی میں نہ لگتا ہو، پڑھا لکھا یاد نہ رہتا ہو، پڑھائی لکھائی میں دشواری محسوس ہوتی ہو، یاد داشت میں کمی ہو رہی ہو، اگر آپ نے بچے / بچی کو ڈاکٹر، انجینئر / وکیل / اکاؤنٹینٹ، پروفیسر یا کسی پروفیشنل ایجوکیشن میں کامیاب دیکھنا چاہتے ہیں۔ اگر اچھے نمبرز میرٹ حاصل نہ ہو رہا ہو، محنت کے باوجود ناکامی ہو رہی ہو تو ان سب مسائل کا بہترین روحانی حل

☆ لوح عطارد تعلیمی ☆

ذہنی کمزوری، کند ذہنی، یاد داشت کمزوری، امتحان مین بھول جانا، کم نمبرز، دماغی انتشار، چڑچڑاپن، فضول سرگرمیاں، بری عادت، ڈپریشن کا خاتمہ، انٹرویو، انٹری ٹیسٹ، اعلیٰ نمبروں حصول کامیابی کیلئے انتہائی موثر روحانی عمل ہے

رابطہ: ادارہ کشف روحانی

ایڈریس: 323 کریم بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور

0333-4502187, 0300-8083509

لوح زحل

(ساڑھ ستی کا توڑ)

اگر آپ عرصہ دراز سے کاروبار، روزگار میں مسلسل ناکام ہیں۔ نقصان در نقصان آپ کا مقدر بنا ہوا ہے اگر کوئی کامیابی ملتی ہے تو عارضی ہوتی ہے۔ کام چلتا ہے تو کچھ ماہ بعد ٹھپ ہو جاتا ہے۔ ہر طرف ناکامی ہی ناکامی ہے۔ جو کام رکاوٹیں مشکلات حائل ہو جاتی ہیں۔ سونے میں ہاتھ ڈالیں تو مٹی ہو جاتا ہے۔ اچھا بنا بنایا کام بگڑ جاتا ہے۔ تمام کوششوں کے باوجود کوئی کامیابی نہیں ملتی تو یہ علامت نحوست زحل کی ہو سکتی ہے۔

ماہر نجوم زحل کو نحس اعظم سیارہ کہتے ہیں۔ اس استاد سیارہ بھی کہتے ہیں۔ یہ سیارہ انسان کو سبق سکھانے آتا ہے۔ زحل کی گردش دورانیہ دیگر سیاروں کی نسبت زیادہ ہوتا ہے۔ زحل کی ساڑھ ستی لگ جائے تو مسلسل ساڑھے سات سال تک ناکامیوں پریشانیوں کا منہ دیکھنا پڑتا ہے۔

زحل زائچے کے ایک گھر میں ڈھائی سال رہتا ہے۔ اس دورانیے کو ڈھیا کہتے ہیں۔ ساڑھ ستی کے دوران زحل ڈھائی سال بیت دشمن (خانہ نمبر 12) میں رہتا ہے۔ اس دوران لڑائی جھگڑے / اختلافات، مقدمہ بازی، انکوائری، معطلی، برطرفی، اپنے پرایوں کی جانب سے منفی رویوں کے سامنا ہوتا ہے۔ جبکہ خانہ اول کے ڈھائی سال کے دوران انسان نفسیاتی عوارض اور زبردست دباؤ کا شکار ہوتا ہے۔ خانہ 2 (خانہ مال) میں زحل کی موجودگی کی وجہ سے کاروبار، روزگار، ملازمت، کا خاتمہ ہو جاتا ہے۔ انسان معاشی تنگی کا شکار ہو کر مقروض ہو جاتا ہے۔

اگر آپ ان علامات کا شکار ہیں تو اپنا زائچہ / استخارہ بنوا کر تشخیص کراوئیں کہ کہیں آپ نحوست زحل (ساڑھ ستی) ساڑھے سات سالہ گردش یا ڈھیا (ڈھائی سالہ گردش) کا شکار تو نہیں۔ اس پریشان کن سیارے زحل کی نحوست کے خاتمے یا قبل از وقت زحلی نحوست کے تدارک کے لوح زحل بنوا کر پاس رکھیں۔ نحوست زحل ساڑھ ستی کے توڑ کے لیے لوح رد زحل ایک بے مثال تحفہ ہے۔

بفضل تعالیٰ یہ لوح نحوست کی دھوپ میں سائے والی چھتری کا کام دیتی ہے۔ لوح رد زحل کا ہدیہ دھات پر 5500 روپے اور کارڈ پر 3000 روپے ہے۔

مخفی روحانی علوم سیکھیے

ادارہ کشف روحانی نے شائقین مخفی روحانی علوم کے لیے ایک ماہ کے شارٹ کورسز اور تفصیلی (3 ماہ) کورسز ترتیب دیے ہیں۔ آپ یہ کورسز ادارہ میں بالمشافہ کلاسز اٹینڈ کر کے سیکھ سکتے ہیں۔ اگر آپ گھر بیٹھے یہ کورسز سیکھنے کے خواہشمند ہیں تو انٹرنیٹ پر ٹیوشن سروسز لے سکتے ہیں۔

اسکے علاوہ موبائل فون/بذریعہ ڈاک (distance learning) کے طریقے سے بھی ان کورسز سے استفادہ کر سکتے ہیں۔ ہر کورس کی فیس علیحدہ ہے۔ کورسز کے ہمراہ کتابیں اور متعلقہ میٹریل بھی دیا جاتا ہے۔

بہت سے گورنمنٹ پرائیویٹ ایگزیکٹو آفیسرز، ڈاکٹرز، پروفیسرز، بزنس مین اور زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے خواتین وحضرات شوقیہ اور پروفیشنل طور پر ان کورسز سے فائدہ اٹھا رہے ہیں۔ آپ اپنی سہولت کے مطابق مارننگ/ایوننگ/آفٹرنون کلاسز میں داخلہ لے سکتے ہیں۔

پامسٹری کورس

پامسٹری ایک سائنسی علم ہے۔ پامسٹری کورس کے ذریعے آپ ہاتھ کی لکیروں، ابھاروں مختلف علامات ولائینوں مثلاً شادی کی لکیر، سفر کی لکیر، اولاد کی لکیر، روزگار کی لکیر، قسمت کی لکیر کے بارے میں آگاہی حاصل کر کے پروفیشنل کے طور پر کام کر سکتے ہیں۔ پامسٹری شارٹ کورس کی فیس (ایک ماہ) 10,000 ہے۔

آسٹرولوجی/زائچہ کورس

علم نجوم کو پوری دنیا میں بہت دلچسپی سے پڑھا جاتا ہے۔ بیرون ملک میں تو باقاعدہ آسٹرولوجی کی ڈگریاں دی جاتی ہیں۔ کئی ممالک آسٹرولوجی کی کیٹگری میں امیگریشن بھی دیتے ہیں۔ یہ کورس کر کے آپ آسٹرولوجی کے بنیادی اصولوں سے لے کر زائچہ بنانے کے طریقہ کار اور زائچہ (horoscop) پڑھنے کے طریقے سے آگاہی حاصل کر سکتے ہیں۔

اس کورس کے ذریعے وقتی زائچہ/پیدائشی زائچہ/شادی زائچہ/سفری زائچہ/موازنی زائچہ/شمسی زائچہ کے بارے میں مکمل معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔

آسٹرولوجی شارٹ کورس کی مدت 2 ماہ ہے۔ مکمل کورس کی فیس 20,000 ہے۔ داخلہ فیس 5000 ہے۔ ہر سال پہلے 10 سٹوڈنٹس سے داخلہ فیس نہیں لی جاتی۔ آسٹرولوجی کے سٹوڈنٹس کو کورس کے اختتام پر زائچہ کے 4 کوپنز فری دیے جاتے ہیں۔ جس کے ذریعے وہ اپنے اور اپنے قریبی لوگوں کے فری زائچے بھی بنوا سکتے ہیں۔

علم جفر کورس

علم جفر بنیادی طور پر حرفوں کا علم ہے۔ مختلف حرفوں کے ذریعے کسی سوال کا جواب استخراج کیا جاتا ہے۔ کسی سوال کا جواب نکالنے کے لیے علم جفر ایک بہترین علم ہے۔ دیگر علوم میں زائچے کی تعبیر تشریح کرنی پڑتی ہے۔ جبکہ علم جفر میں الفاظ کی سطر میں جواب آجاتا ہے۔

زندگی کے بہت سے امور ایسے ہیں جن کا جواب کسی دوسرے علم کے بجائے علم جفر سے دینا نسبتاً آسان اور بہتر رہتا ہے۔

علم جفر کورس کی مدت 2 ماہ ہے۔ اس مدت میں طالب علم اس علم کو باآسانی سیکھ سکتا ہے۔ علم جفر کورس کی فیس ہدیہ 20,000 ہے۔ ایک ماہ کا شارٹ کورس کی فیس 10,000 ہے۔ کتابیں ادارے کی طرف سے دی جاتی ہیں۔

علم استخارہ

حدیثؐ مبارکہ ہے ''نقصان نہیں اٹھاتا وہ شخص جو استخارہ کرتا ہے اور پشیمان نہیں ہوتا جو کوئی مشورہ کرتا ہے۔'' احادیث سے ثابت ہے کہ حضور پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے استخارہ کی تعلیم دی ہے۔

ایک حدیثؐ پاک کے مطابق حضرت جابر بن عبداللہؓ سے روایت ہے کہ ''حضور پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تمام کاموں میں استخارہ کی تعلیم تاکید کرتے تھے۔ جیسا کی قرآن پاک کی سورہ اہتمام کے ساتھ سکھاتے تھے۔''

روزمرہ امور میں لوگ شادی، روزگار، کاروبار، تعلیم، گھریلو کاروباری ذاتی مسائل پریشانیوں کے حل کے لیے استخارہ سے استفادہ کرنے کے خواہشمند ہوتے ہیں۔ یہ علم استخارہ ایک طاقت ور علم ہے۔ یہ علم بہت سے مخفی روحانی علوم پر فوقیت رکھتا ہے۔

اگر آپ درست استخارہ کرنا سیکھ لیتے ہیں تو بفضل تعالیٰ آپ اپنے اور دوسروں کے مسائل حل کرنے کے لیے بہتر ثابت ہو سکتے ہیں۔ علم استخارہ شارٹ کورس کی ایک ماہ کا ہدیہ 10,000 روپے ہے۔

علم نقوش والواح رتعویزات

وہ خواتین وحضرات جو روحانی عملیات (نقوش رتعویزات رالواح) سیکھنے کے خواہشمند ہیں۔ ان کے لیے یہ کورس بہت مفید ہے۔ اس کورس کو کر کے آپ مکمل روحانی عامل بن سکتے ہیں۔

سورتوں، اسماء الحسنٰی کے نقوش تیار کرنے کا طریقہ کار، نقش کی تیاری کی شرائط ولوازم کے متعلق تفصیلی معلومات دی جاتی ہیں۔

ایک ماہ کے شارٹ کورس کی فیس 15000 ہے۔

جائیداد کا زائچہ/استخارہ

ذاتی گھر، مکان، دوکان قسمت میں ہے یا نہ۔ جائیداد یوگ زائچہ میں ہے یا نہ۔ جائیداد کب تک فروخت ہوگی۔ جائیداد کی فروخت میں کیا رکاوٹ آرہی ہے۔ کیا جائیداد اچھی قیمت پر فروخت ہو جائے گی۔ کونسی جائیداد خریدنا فائدہ مند ہے۔ جائیداد مستقبل میں فائدہ دے پائے گی۔ جائیداد کے مقدمات/تنازعات کا کیا فیصلہ ہوگا۔ وراثتی زمین جائیداد کے مسائل کا کیا حل ہوگا۔ جائیداد کے متعلقہ امور کی رہنمائی کے لیے فیس 500 روپے۔

موازنی زائچہ/استخارہ (شادی)

عموماً دیکھا گیا ہے کہ بیاہ شادی کی رسومات پر لاکھوں روپے خرچ کر دیے جاتے ہیں لیکن رشتہ/شادی کرتے ہوئے میاں بیوی کی باہمی موافقت جاننے کے لیے کوئی علمی و روحانی کوشش نہیں کی جاتی۔ جس کی وجہ سے دن بدن شادیوں کی ناکامیوں کی صورت میں نتائج سامنے آرہے ہیں۔ سول کورٹس خلع/تنسیخ نکاح (disolution of marriage) کے کیسز بھرے پڑے ہیں۔ عدالتوں میں لڑکا/لڑکی کے ساتھ خاندان والے اور انکے بچے بھی خوار ہو رہے ہیں۔ ہمسایہ ملک میں رشتہ/شادی سے قبل لڑکا/لڑکی کی باہمی موافقت کا زائچہ بنوایا جاتا ہے۔ شادی کے لیے درست گھڑی (مہورت) انتخاب خاص احتیاط سے کیا جاتا ہے۔ اسی وجہ سے وہاں شادیوں کی کامیابی کی شرح زیادہ ہے۔ اسلامی طریقہ کار کے مطابق استخارہ کے ذریعے لڑکا/لڑکی کی باہمی موافقت برائے شادی کا تجزیہ کیا جاسکتا ہے۔ شادی کا زائچہ/استخارہ کے لیے رابطہ کریں۔ شادی کے موازنی زائچہ استخارہ میں شادی سے متعلقہ سوالات کے جوابات دیے جاتے ہیں۔ مثلاً جیون ساتھی کیسا ہوگا۔ کیا پسند کی شادی ہوگی یا نہ۔ شادی اپنوں میں ہوگی یا غیروں میں۔ شادی فلاں سے ہوگی یا نہ۔ کیا پسند کی شادی کامیاب رہے گی یا نہ۔ شادی رشتے میں رکاوٹ کی کیا وجہ ہے۔ رشتے شادی کی بندش لگی ہو، کیا زائچے میں منگل یوگ سے شادی نہ ہونے کی کیا وجہ ہے؟

ہدیہ موازنی زائچہ/استخارہ (شادی) 500 روپے ہے۔

لوح انعامی بانڈ

حصول انعام کے لیے ایک مجرب عمل بفضل تعالیٰ بہت سے لوگ لوحِ انعامی بانڈ بنوا کر انعام حاصل کر چکے ہیں

سات سیاروں کی لوح

ساتوں سیاروں کی لوح مشتری (مال و دولت جائیداد) لوح شمس (کاروبار، ملازمت، ترقی) لوح عطارد (ذہنی و اعصابی و دماغی ترقی) لوح قمر (حسب منشا رشتہ شادی بندش کے خاتمے کے لیے) لوح مریخ (صحت، طاقت، شفا، دشمن پر فتح) کی اپنی الگ الگ خصوصیات اور اثرات ہیں۔

بہت سے افراد کی عمومی زندگی بہتر گزر رہی ہوتی ہے اور وہ چاہتے ہیں کہ سیاروں کی نحوست سے قبل از وقت بچاؤ اور تدراک کے لیے اور عمومی خیر و برکت کے لیے کوئی روحانی عمل استعمال کریں۔ ان لوگوں کے لیے سات سیاوں کی مشترکہ لوح ایک بہترین روحانی تحفظ ہے۔ سات سیاروں کی لوح کی تیاری ایک محنت طلب کام ہے۔ ہر سیارے کی نیک ساعت کی تلاش اور اس کا متعلقہ نقش لکھنا، مکمل قواعد کا خیال رکھنا بہت ضروری ہوتا ہے۔ درست تیار کردہ لوح کی موجودگی میں کسی دوسری لوح کی ضرورت نہیں رہتی۔

لوح کی تیاری

نام اور والدہ کے نام اعداد قمری حاصل کریں۔ اب ساتوں سیاروں سے متعلقہ اسماء الحسنٰی کے اعداد حاصل کریں اور ان کو باہم جمع کر دیں۔ مقصد و حاجت کے اعداد جمع کریں۔ حاصل ہونے والے مجموعہ کے مطابق نقش تیار کریں۔

مشتری (یاکبیر یامتعال) 773 + شمس (یاحی یاقیوم) 174 مریخ (یامالک القدوس) 292 عطارد (یاعلی یاعظیم) 1130 زہرہ (یاکافی یاغنی) 1171 زحل (یافتاح یارزاق) 797 قمر (یارحمٰن یارحیم) 556

مقصد و حاجت:


خیر و برکت فتح و نصرت حاصل ہو 2812

سلیم الدین بن شائلہ: 673

مشترکہ مجموعہ: 3843

سات سیاروں کی لوح

سات سیاروں کی لوح



لوح مبارکہ کی دوسری جانب سات 7 سیاروں کے طلسمات بنائیں۔

ہدیہ لوح سات سیارگان (دھات پر)-/7000 روپے

(کارڈ پر)-/3000 روپے

ماہانہ محفل میلاد (صلی اللہ علیہ وآلہ سلّم) و دُعا

ترجمہ: بھلا کون ہے جو بے قرار کی دعا سنتا ہے جب وہ اسے پکارے اور اسکی تکلیف کو رفع کرتا ہے (سورہ نمل آیت: ۶۲)

ترجمہ: اللہ اور اسکے فرشتے (نبیؐ) پر درود بھیجتے ہیں۔ اے لوگو جو ایمان لائے ہو تم بھی انؐ پر درود و سلام بھیجو (سورہ احزاب: ۵۶)

بفضل تعالیٰ ہر اسلامی ماہ کی پہلی جمعرات (نوچندی جمعرات) نئے چاند کی پہلی جمعرات کو شام کے وقت (بعد از نماز مغرب) ادارہ کشف روحانی کے زیر اہتمام محفل میلاد و دعا کا اہتمام کیا جاتا ہے۔ محفل کا آغاز تلاوت قرآن پاک سے کیا جاتا ہے۔ جس کے بعد نعت خواں حضرات نعت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کے گلہائے عقیدت پیش کرتے ہیں۔ نعت گو شعرا اپنا حمدیہ نعتیہ کلام پیش کرتے ہیں۔

سید کاشف خلیل نعت گو شاعر بھی ہیں۔ سید کاشف خلیل کا **نعتیہ مجموعہ "میری آرزو مدینہ"** زیر اشاعت ہے۔ پروگرام کی نظامت سید کاشف خلیل شاہ صاحب خود کرتے ہیں اور اپنا نعتیہ کلام بھی محفل میں پیش کرتے ہیں۔

اس محفل پر نور میں حصول فیوض و برکات کے لیے کثیر تعداد میں لوگ شرکت کرتے ہیں۔ جو لوگ مختلف مسائل پریشانیوں مقاصد کے حل کے لیے ادارے کشف روحانی تشریف لاتے ہیں۔ ان کے نام محفل کے رجسٹر میں دعا کے لیے درج کئے جاتے ہیں۔

اب تک بفضل تعالیٰ ہزاروں افراد کے نام اس رجسٹر میں درج ہو چکے ہیں۔ جس فرد کا نام دعائیہ لسٹ درج کیا جاتا ہے اسے رجسٹر سے نکالا نہیں جاتا۔ اس طرح ان کے لیے مسلسل سالہا سال دعا ہوتی رہی ہے۔ یہ ایک روحانی انشورنس ہے۔

یعنی اگر آپ ادارے کشف روحانی سے کوئی روحانی سروس مثلاً استخارہ / زائچہ / لوح / نگینہ / تعویز / نقش حاصل کرتے ہیں تو ادارے کی جانب سے حصول مقصد میں آسانی کے لیے مسلسل دعا کا عمل کیا جاتا ہے۔ آپ کا نام مسلسل دعا کے رجسٹر میں درج کر دیا جاتا ہے۔ اگر کسی دروازے پر مسلسل دستک دی جاتی رہے تو آخر دروازہ کھل ہی جاتا ہے۔

مشتری کابرکاتی نوٹ

مفت حاصل کریں

لوح اوج مشتری رلوح شرف مشتری یا ادارہ کشف روحانی کی تیار کردہ کسی بھی لوح

کے ہمراہ یہ برکاتی نوٹ بطور تحفہ **مفت** حاصل کریں

کہتے ہیں روپیہ روپے کو کھینچتا ہے

مشتری کابرکاتی نوٹ مشتری کی باسعادت ساعتوں میں
روحانی کلام سے تیار کردہ ایک خاص روحانی تحفہ ہے
کشادگی رزق ودولت کیلئے یہ نوٹ پوری دنیا میں تیار کیا جاتا ہے

نوٹوں کی بارش / مشتری کابرکاتی نوٹ

حصول مال ودولت، کاروباری نفع میں اضافے
ملازمت میں ترقی، گھر دوکان، کاروبار، فیکٹری بزنس میں برکت
زمین جائیداد، حصول انعام، کشادگی رزق
کیلئے بفضل تعالیٰ ایک کامیاب روحانی تحفہ ہے

ادارہ کشف روحانی 323 کریم بلاک ، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور
Mobile: 0333-4502187, 03008083509

برج حمل ♈

﴿سیارہ مریخ Mars﴾



21 مارچ تا 20 اپریل

نشان مینڈھا

روحانی وظائف:

اسم الٰہی یا مالک یا قدوس روزانہ 1100 بار اول و آخر 11-11 بار درود شریف معمول بنائیں
سورۃ فتح کی تلاوت بمعہ ترجمہ (روزانہ معمول بنائیں)

برج حمل والے لوح حمل / لوح مریخ بنوا کر پاس رکھیں

حاکم سیارہ	مریخ (Mars)
متعلقہ حروف	ا، ل، ع، ی
لکی نمبر	9
ہر ماہ کی تاریخیں	3,6,9,12,18 21,27,29,30
لکی رنگ	سرخ، گلابی
لکی دن	منگل
دیگر موزوں دن	جمعرات، جمعہ
لکی سٹون	عقیق (Agate)
موافق دھاتیں	لوہا
دوست بروج	میزان، قوس، حوت جدی، اسد، دلو
غیر موزوں بروج	سرطان، سنبلہ، جوزا

نیوٹرل بروج	ثور، عقرب
بہتر مہینے	اپریل، نومبر، جنوری
شرف	شمس 19 ڈگری پر برج حمل میں
سمت	مشرق
عنصر	آگ
عنصری کیفیت	آتشی برج
جنس	مذکر
جسم کے حصے سے تعلق	سر اور ماتھے کا حاکم

صدقات:

صدقہ کیلئے موافق دن منگل ہے۔ بروز منگل یا کسی بھی روز پرندوں روٹی، سالن، چاول، سبزیاں، گوشت کا سالن ڈالیں یا حشرات کو شکر ڈالیں۔ ضرورت مند کو چاول کا راشن دیں حسب توفیق 900/90/45/9 روپے دیں

موافق شعبے:

لوہا، سیکیورٹی، پولیس، فوج، ٹرانسپورٹ، بینک، زیورات

موافق خوراک:

شہد، دودھ، سیب، گاجر، دیسی گھی، مٹر، سرخ دالیں، گوشت



برج حمل

﴿سیارہ مریخ Mars﴾

21 مارچ تا 20 اپریل

خوشیوں کا سال

بفضل تعالیٰ نیا سال 2020 حملی خواتین و حضرات کیلئے فتوحات و برکات لیے ہوئے شروع ہو رہا ہے۔ گردش سیارگان کے باعث پچھلے سال چند سالوں سے حملی افراد کو بہت سی مشکلات پریشانیوں کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ یہ گردشی وقت مارچ 2020 سے ختم ہو رہا ہے۔

بفضل تعالیٰ نئے سال 21 مارچ کے بعد حملی افراد کو شکستوں سے نجات مل رہی ہے

بزنس سے وابسطہ حملی افراد کے لیے کاروباری ترقی اور اضافہ آمدن کے لیے بہتر مواقع اپریل مئی میں خاص طور پر حاصل ہو رہے ہیں۔ اس دوران کسی دوست کی جانب سے کاروبار سرمایہ کاری میں مدد مل سکتی ہے۔ پرائز بانڈز کے ذریعے حصول انعام کے خواہشمند حملی افراد اس بہتر وقت کا فائدہ لے سکتے ہیں۔ اپریل سے جون کے دوران موافق وقت میں پرائز بانڈز کے ذریعے حصول انعام کے مواقع مل سکتے ہیں۔ انعامی چانس کو بہتر کرنے کے لیے اپنا زائچہ بنوا کر انعامی یوگ تجزیہ کروائیں۔ اور بطور روحانی امداد کے ''لوح انعامی بانڈ'' بنوا کر پاس رکھیں۔

شادی شدہ حملی افراد کو سال 2020 کی ابتداء میں محتاط رہنے کی ضرورت ہے۔ کوئی سازش، دشمنی یا کوئی غلط فہمی بدگمانی آپ کے گھریلو ماحول کو کشیدہ کر سکتی ہے۔ جس کے باعث گھریلو ناچاقی پریشانی کا سامنا ہو سکتا ہے۔ بہتر ہے کہ شریک حیات اور اولاد سے تعلقات کو کسی قسم کے تنازعات و اختلافات کی نذر نہ کریں۔ خاص طور پر جنوری سے اپریل اور اگست ستمبر کا دورانیہ اس حوالے سے پریشان کن ہو سکتا ہے۔ گھریلو مسائل سے بچنے کے لیے نماز کے بعد ''یا جامع یا ودود یا کبیر'' 100 بار (اول و آخر 7-7 بار درود شریف) پڑھ کر پانی یا میٹھی شے پر دم کر کے کھلائیں۔

شریک حیات سے بہتر تعلقات اور باہمی ہم آہنگی کے لیے ''لوح بندھن (حب و تسخیر)'' بنوا کر پاس رکھیں۔

برج حملی والوں کا حاکم سیارہ مریخ ہے۔ اگر زائچہ پیدائش میں مریخ نحس حالت میں ہو یا اچھے گھروں میں بیٹھ کر نحس نظرات بنا رہا ہو تو شادی گھریلو معاملات میں رکاوٹ ڈالتا ہے۔ ہندی میں مریخ کو منگل کہتے ہیں۔ اگر کسی لڑکی لڑکے کے زائچے میں منگل کی پوزیشن زیادہ نمایاں ہو تو اسے منگلیشی کہا جاتا ہے۔ منگلیشی لڑکی لڑکے کی شادی میں تاخیر ہوتی ہے۔ منگنی رشتہ ہو کر ٹوٹنے کا امکان ہوتا ہے۔ برج حمل کا حاکم سیارہ مریخ ہے اس لیے عقربی افراد کو مریخ کے دہرے اثرات کا سامنا ہو سکتا ہے۔ ایسے حملی لڑکے لڑکیاں جن کے پیدائشی زائچہ میں منگل یوگ ہے ان پر شادی رشتے کی بندش لگ سکتی ہے۔ اس سال 2020 میں سال کے وسط سے رشتے شادی کی بندش میں کمی آنے کی امید ہے۔ اس دوران بہت سے حملی لڑکے لڑکیاں کی شادیاں رشتے ہو سکتے ہیں جن پر عرصہ دراز سے بندش لگی ہوئی تھی۔ خاص طور پر جون سے ستمبر کا دورانیہ رشتے شادی طے پانے کے لیے بہت موافق ہے۔ اس دوران حسب پسند شادی میں آسانی سے کامیابی مل سکتی ہے۔

اگر منگلیشی نحوست زیادہ سخت اور پرانی ہو تو اس کا روحانی تدارک ضروری ہے۔ ایسے لڑکے لڑکیاں یا ان کے سرپرست والدین وغیرہ بندش منگل کا توڑ کروائیں تاکہ ان کا رشتہ اچھی جگہ طے پا سکے۔ بطور روحانی تدارک ''لوح شادی'' بنوائیں

2020 میں حملی افراد کے لیے سفر میں قدرے رکاوٹیں آ رہی ہیں۔ بہتر ہے روایتی چند ممالک کی کوشش کرنے کے بجائے نئے کسی بھی نئے ملک میں سفر کی کوشش کر سکتے ہیں جہاں کے ویزا رولز نسبتاً نرم ہوں۔ حملی افراد حصول ویزا میں ناکامی سے بچنے کے لیے موافق وقت میں سفر اپلائی کریں۔ سفر سے قبل اپنا ''سفری زائچہ'' بنوائیں تاکہ موافق وقت برائے اپلائی ویزا اور سفر کی کامیابی ناکامی کا تجزیہ ہو سکے۔ بہرحال حملی افراد اس سال اگست سے دسمبر کے دوران بیرون ملک سفروں کے چانس مل سکتا ہے۔ سفری کامیابی کے لیے ''لوح سفر وسیلہ ظفر'' بنوا کر پاس رکھیں۔

حملی سٹوڈنٹس کے لیے سال نو میں بہتری کے حالات مل سکتے ہیں۔ حملی طالب علموں کو امتحانات میں کامیابی ملنے کی امید ہے۔ خاص طور پر سال کے وسط سے آخر (جون تا دسمبر) کا دورانیہ اس حوالے سے بہت لکی ثابت ہو سکتا ہے۔ تعلیمی کامیابی کے لیے ''یا علیم رب ذدنی علما'' کا سو مرتبہ ورد کسی نماز کے بعد کریں بطور روحانی امداد ''لوح عطارد تعلیمی''

اپنے اور والدہ کے نام کے مطابق بنوا کر پاس رکھیں۔

عمومی خیر و برکت کے لیے روزانہ تلاوت قرآن پاک بمعہ ترجمہ (کم از کم ایک رکوع) معمول بنائیں۔ اسماء الحسنٰی ''یا مالک یا قدوس'' روزانہ بکثرت ورد کریں۔ (اول و آخر 3 - 3 بار درود شریف) سورہ یسین کی تلاوت بمعہ ترجمہ معمول بنائیں۔ انشاء اللہ بہت سی بندشوں گردشوں سے نجات مل جائے گی۔

برج حمل والوں کا لکی برتھ سٹون مرجان ہے اس کے علاوہ بلڈ سٹون بھی فائدہ مند ہیں۔ یہ دو نگینے برج حمل کے حاکم سیارے مریخ سے متعلقہ نگینے ہیں اس لیے حمل والوں کو بہت راس آتے ہیں

سال 2020 میں حملی افراد اپنی صحت پر خاص توجہ دیں۔ بصورت دیگر کئی مسائل پیدا ہو سکتے ہیں۔ حملی افراد کے لیے غصہ، بلڈ پریشر، تیز نمک مرچ نقصان دہ ہیں۔ جذباتی رویے سے گریز کریں بہتر صحت کے لیے روزانہ واک کرنا معمول بنائیں۔ گاجر سرخ لوبیہ سرخ سیب اسٹرابری انار چقندر حملی خواتین و حضرات کے لیے موافق غذائیں ہیں۔

لوح رد جادو بدعملیات

آج کال جادو عملیات کے ذریعے دوسروں کو پریشان اور نقصانے پہنچانے کا قبیح فعل بہت بڑھ گیا ہے۔ مخالفین کی زندگیوں کا روبار کو تباہ کرنے، میاں بیوی میں نفرتیں پیدا کرنے، اولاد کی بندش کرنے، ان کی اولاد کو نافرمان کرنے یا کریر میں ناکام کرنے کے لیے بدعملیات کالے جادو کے ذریعے کوششیں کی جاتی ہیں۔

ایسے تمام قبیح بدعملیات، کالے جادو، نظر بد، نحوستوں کے خاتمے اور تریاق کے لیے اپنے بزرگان کے آزمودہ اور فوری اثر کرنے والے کلام پاک کے وظائف اور روحانی اعمال صالحہ سے تیار کردہ ''لوح رد جادو و بدعملیات'' ایک کافی وشافی علاج ہے، انشاء اللہ اس لوح مبارکہ کی روحانی طاقتوں کی بدولت ان تمام پریشانیوں اور نحس قوتوں کا فوری تدارک ہوتا ہے۔ نفرتیں محبتوں میں بدلنے لگتی ہیں، ازدواجی رشتے مضبوط ہوتے ہیں، پروفیشنل کریر میں بہتری وخوشحالی آنے لگتی ہے، پرانے امراض سے بھی نجات ملتی ہے، الغرض اس روحانی لوح مبارکہ کی بدولت تمام پریشانیوں اور مایوسیوں کا تدارک ہونے لگتا ہے۔

لوح مبارکہ کیلئے ادارہ کے دفتر تشریف لائیں

ادارہ کشف روحانی

323 کریم بلاک علامہ اقبال ٹاؤن لاہور

(نزد اللہ والی مسجد بالمقابل یونین کونسل آفس سٹریٹ نمبر 9

0300-8083509 , 0333-4502187

Facebook:Kashfrohanejantry

یا مقسط (اے انصاف کرنے والے 209) ایک سے زائد بیویاں ہوتو انصاف کے لیے روزانہ 209 بار پڑھیں۔

لوح عطارد تعلیمی

(ذہنی و دماغی ترقی کیلئے)

کند ذہنی، دماغی کمزوری کے خاتمے، ذہانت میں اضافے، امتحانی کامیابی، اعلیٰ نمبروں، حصول میرٹ، انٹری ٹیسٹ و انٹرویو، پروفیشنل ایجوکیشن میں کامیابی کے لیے طالب علموں کے لیے انتہائی مفید روحانی عمل ہے

لوح تعلیم (لوح عطارد)

حصول تعلیم میں مشکلات

رکاوٹوں کے خاتمے کا ایک مکمل روحانی حل ذہنی کمزوری، کند ذہنی، پڑھنے میں جی نہ لگنا، یادداشت کی کمزوری، امتحان میں بھول جانا، دماغی انتشار، توجہ وارتکاز کی کمی، طبیعت میں چڑچڑا پن، غیر تعلیمی فضول سرگرمیاں، ڈپریشن کا خاتمہ، امتحان، انٹرویو، انٹری ٹسٹ، اعلیٰ نمبروں حصول کامیابی کیلئے انتہائی موثر روحانی عمل ہے۔

ادارہ کشف روحانی کے پاس اصلی نگینوں کی ورائٹی موجود ہے۔ قارئین اپنے برج سیارے نام کے مطابق گارنٹی شدہ نگینے حاصل کر سکتے ہیں۔ عقیق سرخ، عقیق سفید، عقیق سلیمانی، سبز عقیق، زرد عقیق، سیاہ عقیق، نیلا عقیق، یاقوت، مرجان، اوپل، زمرد، فیروزہ، لاجورد، پکھراج، گارنٹ، نیلم، مون سٹون، کیٹس آئی، موتی، ٹائیگر، درنجف، اوکس، بلڈ سٹون، زبرجد، ترمری، جیسپر، سنگ حدید، سنگ ستارا اور دیگر نگینے دستیاب ہیں۔

سات سیاروں کی جامع لوح

اس جامع لوح بہت طاقتور اور کثیر المقاصد ہے۔ درج ذیل سات الواح کو یکجا کر کے تیار کی گئی ہے۔

۱۔لوح مشتری (مال و دولت و جائیداد)، ۲۔لوح شمس (کاروبار، ملازمت و ترقی)، ۳۔لوح عطارد (ذہنی و اعصابی ترقی)، ۴۔لوح قمر (حسب منشا شادی، اور بندش کے خاتمے کیلئے)، ۵۔لوح مریخ (صحت، طاقت، شفا، دشمن پر فتح) یکجا کر دی گئیں ہیں، ۶۔لوح شرف زحل، ۷۔لوح زہرہ (محبت اور ازدواجی)۔

بہت سے افراد کی عمومی زندگی بہتر گزر رہی ہے اور وہ چاہتے ہیں کہ سیاروں کی نحوست سے قبل از وقت بچاؤ اور تدارک کیلئے اور عمومی خیر و برکت کے لیے کسی روحانی عمل سے استفادہ کریں۔ ان لوگوں کے لیے سات سیاروں کی مشترکہ لوح ایک بہترین روحانی تحفظ ہے۔ سات سیاروں کی لوح کی تیاری ایک نہایت محنت طلب مشکل کام ہے۔ ہر سیارے کی نیک ساعت کی تلاش اور اس کا متعلقہ نقش لکھنا، مکمل قواعد کا خیال رکھنا بہت ضروری ہوتا ہے۔ درست تیار کردہ لوح کی موجودگی میں کسی دوسری لوح کی ضرورت نہیں رہتی۔

لوح مبارکہ کیلئے ادارہ کے دفتر تشریف لائیں

ادارہ کشف روحانی

323 کریم بلاک علامہ اقبال ٹاؤن لاہور

پیپر لوح سات سیارگان (دھات پر)-/7000 روپے

(کارڈ پر)-/3000 روپے

برج ثور ♉ TAURUS

سیارہ زہرہ ♀ Venus

21 اپریل تا 21 مئی

نشان بیل



روحانی وظائف:

اسماالحسنیٰ یا کافی یا غنی روزانہ 1100 بار اول و آخر 11-11 بار درود شریف معمول بنائیں
سورۃ بقرہ کی تلاوت بمعہ ترجمہ روزانہ کریں

حاکم سیارہ	زہرہ (Venus)
متعلقہ حروف	ب، و
لکی نمبر	6
ہر ماہ کی تاریخیں	30,24,18,12,9,6
لکی رنگ	ہلکا نیلا، سبز
لکی دن	جمعۃ المبارک
دیگر موزوں دن	جمعرات، ہفتہ
لکی سٹون	زبرجد (Beryl)
موافق دھاتیں	چاندی
دوست بروج	میزان، قوس، حوت جدی، دلو
غیر موزوں بروج	حمل، جوزا، عقرب، سنبلہ
نیوٹرل بروج	سرطان، اسد
بہتر مہینے	مئی، اکتوبر، دسمبر

شرف	سیارہ قمر کو 3 ڈگری پر شرف برج ثور میں
سمت	مشرق
عنصر	مٹی
عنصری کیفیت	خاکی برج
جنس	مؤنث
جسم کے حصے سے تعلق	منہ اور گالوں کا حاکم

صدقات:

بروز جمعہ یا کسی روز گھر کی بچی ہوئی دالیں سبزی گوشت کا سالن، روٹی، وغیرہ پرندوں کو ڈالیں، حشرات کو شکر جانوروں کو چارا ڈالیں۔

ضرورت مند کو چاول، آٹا، دال کا راشن رقم دے کر مدد کریں

موافق شعبے:

گارمنٹس، میڈیسن، بینک، جیولری، کنسٹرکشن، کتابیں، بک سٹور، بیکری، جنرل سٹور فرنیچر وغیرہ

موافق خوراک:

پال، ساگ، مونگ کی دال، شہد، کلونجی، سبز دالیں، دہی، گوشت بریانی وغیرہ

برج ثور TAURUS





﴿سیارہ زہرہ Venus﴾

21 اپریل تا 21 مئی

کامیابیوں کا سال

برکتوں کا سال

بفضل تعالیٰ سال نو 2020 برج ثور سے وابستہ خواتین وحضرات کیلئے مشکلات سے چھٹکارے اور کاموں میں آسانیوں کے پیغامات لیے ہوئے آرہا ہے

ثوری افراد جو نحوست زحل اور نحوست مریخ نحوست دیگر سیارگان کے باعث گوناگوں مسائل کا شکار ہیں ان کے لیے 1 نمبر کا یہ سال 2020 ان بندشوں سے نجات کا سال ہوگا۔

انشاء اللہ پچھلے سال 2019 آنے والا 30 سالہ اوج زحل اور 12 سالہ اوج مشتری کے مبارک اثرات آپ کے زائچے کو روشن کر رہے ہیں۔ اس سال آپ اپنی ان نیک خواہشات کی تکمیل کر سکتے ہیں جن کے لیے آپ کئی برسوں سے تمنائی ہیں۔ بفضل تعالیٰ سال کی ابتدائی سہ ماہی میں چھوٹے بڑے سفروں اور سیر وسیاحت کا موقع مل سکتا ہے۔ اس دوران حج وعمرہ زیارات، روحانی سفروں کی سعادت نصیب ہو سکتی ہے۔ خاص طور پر فروری سے اپریل کا دورانیہ اس حوالے سے بہت سازگار اثرات دے رہا ہے

ثوری خواتین وحضرات جو حصول روزگار کے لیے سرگرداں ہیں یا ملازمت پیشہ افراد جو پروموشن کے منتظر ہیں ان کی یہ خواہش شرف شمس اور شمسی سال کے آغاز میں پوری ہو سکتی ہے۔ افسران حاکمان کا رویہ آپ سے اگر درست نہیں تو اپریل مئی کے دوران آپ کو ان کی مہربانی حاصل ہونے کا موقع مل سکتا ہے۔ بزنس سے وابستہ ثوری افراد خواتین وحضرات کے لیے سال نو 2020 کی ساعتیں کامیابیوں اور ترقیوں کے پیغامات لا رہی ہے۔ خاص طور پر مئی جون اور اگست سے نومبر کا دورانیہ بہت مبارک ہے۔ اس دوران نئی سرمایہ کاری وسعت کاروبار یا کسی دوست کی جانب سے معاشی تعاون کا موقع مل سکتا ہے۔

نفع تجارت کے لیے بکثرت ''یا نافع یا رزاق'' ''یا کافی یا غنی'' پڑھنا معمول بنائیں، اول و آخر 7-7 درود شریف آپ کا لکی سیارہ زہرہ ہے جو محبت و

چاہت سے تعلق رکھتا ہے۔ شادی منگنی رشتے کے حوالے سے سال نو کی دوسری سہ ماہی بہت اہم ہے۔ اپریل مئی جون کے دروان پسند کی شادی کے سلسلے میں کامیاب پیش رفت ہوسکتی ہے۔ حائل رکاوٹیں مخالفتیں ختم ہونے کا امکان ہے۔ سیارہ مریخ لڑکیوں کے زائچے میں شادی رشتے کی بندش کے باعث بنتا ہے۔ منگل یوگ لگ جائے تو شادی میں تاخیر ہونے لگتی ہے۔ ثوری لڑکے لڑکیاں جو بندش مریخ سے متاثر ہیں ان کے لیے خوش خبری ہے کہ اس سال زہرہ اور شمسی طاقت ان بندشوں کے توڑ کا کام کردے گی۔ بندش مریخ یا منگلیشی اثرات زیادہ سخت ہوں تو شادی 32 سال کی عمر کے بعد ہوتی ہے۔ شدید بندشی اثرات ہوں تو جلد شادی کے لیے ''لوح شادی'' بنوا کر پاس رکھیں۔ شادی شدہ ثوری خواتین و حضرات کو سال 2020 میں ازدواجی گھریلو لائف میں احتیاط کی ضرورت ہے۔ اختلاف رائے یا تنازعات کے باعث گھریلو مسائل پیدا ہوسکتے ہیں۔ خاص طور پر اگست ستمبر اکتوبر کے دوران بلاوجہ کی کشیدگی سے گریز کریں۔ شریک حیات کو حق میں کرنے کے لیے اور تلخ رویے کو مہربانی میں بدلنے کے لیے ''یا جامع یا ودود'' ''یا ودود یا کبیر'' کا ورد کریں۔

313 بار اول و آخر درود شریف پڑھیں۔ روحانی تدارک کے لیے ''لوح بندھن (حب وتسخیری'' بنوا کر پاس رکھیں ثوری افراد کے زائچے میں زمین جائیداد سے متعلقہ سٹارز بہتر پوزیشن میں آرہے ہیں۔ اس سال جو ثوری افراد ذاتی گھر یا مکان بنانے کے خواہشمند ہیں انہیں مئی جون کے دوران کامیابی مل سکتی ہے۔ پراپرٹی سے متعلقہ افراد کے لیے سال 2020 بہت مفید ہے۔ زمین جائیداد سے نفع مل سکتا ہے۔ خاص طور سال کے وسط جون جولائی میں ذاتی گھر کے حصول میں کامیابی مل سکتی ہے۔

ثوری افراد جو انعامی بانڈز کے ذریعے حصول انعام میں دلچسپی رکھتے ہیں انہیں امسال لکی چانس ملنے کی نوید ہے۔ خصوصی طور راپریل سے جون اور نومبر دسمبر کے ماہ اس حوالے سے اہم ہیں۔ انعامی چانس کو بہتر بنانے کے لیے ''لوح انعامی بانڈ'' روحانی تدارک بنوا کر پاس رکھیں۔ انشاء اللہ حسب مراد کامیابی ملے گی۔ ثوری افراد کے برج کا حاکم سیارہ زہرہ ہے۔ سیارہ زہرہ سے متعلقہ سٹون انہیں بہت راس آتا ہے۔ خاص طور پر ''اوپل'' کا نگینہ خواتین و حضرات کے لیے بہت مفید ہے۔ شرط ہے کہ اوپل اصلی ہو اس کی سطح پر قوس قزح کے رنگوں کی

متحرک پٹی موجود ہو۔

ثوری سٹوڈنٹس کے لیے نیا سال ملے جلے حالات کو ظاہر کر رہا ہے۔ سال کے وسط تک ثوری سٹوڈنٹس کو تعلیمی مشکلات کا سامنا ہو سکتا ہے۔ اگست سے ستمبر کا دورانیہ تعلیمی لحاظ سے سازگار ہے۔ اس دوران تعلیمی ناکامی کامیابی میں بدل سکتی ہے۔ میرٹ کے حصول یا پسندیدہ ڈگری پروگرام میں داخلے کی خواہش پوری ہو سکتی ہے۔ جن ثوری طالب علموں کو کئی سال سے مسلسل تعلیمی ناکامی ہو رہی ہے وہ ''لوح عطارد تعلیمی'' بنوا کر پاس رکھیں۔

برج ثور سے متعلقہ افراد کا لکی ڈے جمعہ ہے۔ ثوری افراد کو چاہیے کہ جمعۃ المبارک کا روز خصوصی طور پر صدقات و خیرات نیکیوں کا اہتمام کریں۔ عمومی خیر و برکت کے لیے قرآن پاک روزانہ تلاوت بمعہ ترجمہ کم از کم ایک رکوع کریں۔ اس کے مفہوم کو قلبی ذہنی طور پر سمجھنے کی کوشش کریں۔

بروز جمعۃ المبارک سورہ جمعہ بمعہ ترجمہ پڑھیں۔ حسب توفیق و سہولت کسی روز جمعرات جمعہ گھر پر محفل میلاد دعا کا اہتمام کریں۔ محفل پاک کی برکت سے بہت سے مسائل مشکلات سے نجات مل سکتی ہے

ثوری افراد بروز جمعہ خصوصی طور پر صدقات و خیرات کا اہتمام کریں۔ نماز جمعہ کے بعد مستحقین کی امداد کریں

لوح بندھن

شادی کا بندھن مضبوط بنائے

میاں بیوی میں لازوال محبت و چاہت کے جذبات پیدا کرنے اور مخالفین کے حسد و کینہ، بدنظری، جادو و سحر کے سفلی وار سے محفوظ رکھنے کیلئے ایک نہایت طاقتور روحانی عمل ہے جس سے بیشمار جوڑے مستفید ہو چکے ہیں۔

لوح مبارکہ کے بیشمار روحانی خواص ہیں:

میاں بیوی میں ذہنی و دماغی ہم آہنگی و یکسانیت پیدا ہو سیاروں کی عدم موافقت کے باعث بداثرات کا خاتمہ شوہر کی بدعادات، بے راہ روی میں مثبت تبدیلی لائے شوہر تمام تر توجہ بیوی کو دے اور غیر میں دلچسپی نہ لے سسرال والوں کی مخالفت و سازشوں سے حفاظت ہو ناراض ہو کر میکے گئی بیوی راضی ہو کر بخوشی واپس آئے جادو، سحر، تعویز گنڈوں کے نحس اور سفلی اثرات سے محفوظ رکھ کر دشمنوں اور حاسدوں کے وار ناکام بنائے بیرون ملک جو شوہر بیوی کو بلانے پر راضی نہ ہو وہ بلانے پر راضی ہو اور سفر میں ممکنہ رکاوٹوں کا تدارک ہو۔

بے شمار جوڑے لوح مبارکہ کی برکات و روحانی قوتوں سے فیضاب ہو کر ازدواجی زندگی خوشگوار بنا چکے ہیں۔

ہدیہ لوح دھات پر 5000 روپے

ہدیہ لوح کارڈ پر 3000/- روپے

ادارہ کشف روحانی

323 کریم بلاک علامہ اقبال ٹاؤن لاہور

(نزد اللہ والی مسجد بالمقابل یونین کونسل آفس سٹریٹ نمبر 9

0300-8083509 , 0333-4502187

برج جوزا GEMINI ♊



سیارہ عطارد Mercury ☿

22 مئی تا 21 جون

نشان دو بچے

روحانی وظائف:

اسم الٰہی یا علی یا عظیم روزانہ 1100 بار اول و آخر 11-11 بار درود شریف پڑھنا معمول بنائیں	
سورۃ فرقان اور لقمان کی تلاوت بمعہ ترجمہ روزانہ کریں	
حاکم سیارہ	عطارد (Mercury)
متعلقہ حروف	ق، ک
لکی نمبر	5
ہر ماہ کی تاریخیں	5, 7, 10 19, 20, 25
لکی رنگ	پیلا، سبز
لکی دن	بدھ
دیگر موزوں دن	پیر، ہفتہ
لکی سٹون	پکھراج (Topaz)
موافق دھاتیں	چاندی
دوست بروج	اسد، سنبلہ، جدی، سرطان، دلو
غیر موزوں بروج	قوس، حوت، حمل، عقرب
نیوٹرل بروج	ثور، میزان
بہتر مہینے	جون، ستمبر

سمت	مغرب
شرف	سیارہ عطارد کو برج میں 11 درجے پر شرف
عنصر	ہوا
عنصری کیفیت	بادی برج
جنس	مذکر
جسم کے حصے سے تعلق	گلے، کندھے

صدقات:

برج جوزا والے پرندوں کو پیلی دالوں کا سالن، پراٹھا، نان ڈالیں، حشرات الارض کو شکر ڈالیں، کسی ضرورت مند کو بطور راشن شکر، گڑ، پیلی دالیں، چاول گندم دے دیں

موافق شعبے:

پبلشنگ، پبلسٹی، میڈیا، ٹیچنگ، بک سٹور، ایڈووکیٹ، جج، سیکرٹری، رائٹر، ایڈیٹر، اکاؤنٹس، کامرس، ریسرچ

موافق خوراک:

شہد، دیسی گھی، دالیں، پیاز، بند گوبھی، چکن، آم، سیب، موسمی پھل، دودھ دہی باقاعدگی سے استعمال کریں۔



برج جوزا GEMINI

⟨سیارہ عطارد Mercury⟩

22 مئی تا 21 جون

فتوحات کا سال

بفضل تعالیٰ سال 2020 کی روشن شعاعیں برج جوزا والوں کی زندگیوں میں فتح و کامرانی کے اثرات لیے ہوئے آ رہی ہیں۔ نئے سال کے آغاز جنوری سے مارچ کے دوران کئی رکے ہوئے کاموں میں پیش رفت ہوسکتی ہے۔

حصول روزگار شادی اولاد سفر تعلیم کے معاملات میں جو رکاوٹیں آ رہی ہیں ان کا سدباب بفضل تعالیٰ سال کی ابتدائی سہ ماہی میں ہی ہو جائے گا۔ پچھلے سال 30 سال بعد سیاہ زحل کے اوج اور 12 سال بعد سیارہ مشتری کے اوج کے ہر برج سیارے پر کم و بیش اثرات ضرور پڑے ہیں۔ کئی پرانی نحوستوں کا توڑ ہوگیا ہے

کاروبار آمدن تعلیم سفر میں کامیابی کے لیے کئی نئے دروازے کھلنے لگے ہیں۔ خاص طور پر شرف شمس اور نوروز کی نیک ساعتوں اپریل مئی میں معاشی معاملات میں خصوصی بہتری آ رہی ہے۔ اس کے علاوہ کئی پرانے دشمنوں کی طرف سے دوستی کا ہاتھ بڑھایا جائے گا۔ مخالفت دشمنی کا بخار جو کئی سال سے چل رہا تھا اس کا زور بفضل تعالیٰ نئے سال کے شروع ہوتے ہی ٹوٹ جائے گا۔

ہر کام میں آسانی و کامیابی کے لیے جوزی افراد خواتین و حضرات سورہ فتح روزانہ صبح نماز فجر کے بعد بمعہ ترجمہ پڑھنا معمول بنائیں۔ ہر قسم کے شر شیطان دشمن کے شر سے بچاؤ کے لیے ''یا حافظ یا حفیظ'' کا ورد معمول بنائی۔

جوزی افراد کا حاکم سیارہ عطارد ہے جو کہ علم و ہنر فہم و فراست ذہنی و دماغی صلاحیتوں سے تعلق رکھتا ہے۔ ذہنی و دماغی قوت و طاقت بڑھانے کے لیے جوزی افراد سیب کا استعمال کریں۔ دہی بھی ان کے لیے موافق غذا ہے۔ یہ اعصابی نظام کے لیے تقویت کا باعث ہے۔

تعلیمی لحاظ سے جوزی سٹوڈنٹس کو سال کے آغاز سے ہی کامیابیاں ملنے کی نوید ہے۔ خصوصا مارچ مئی جون میں تعلیمی معاملات میں سازگار حالات مل سکتے ہیں۔

شادی شدہ جوزی افراد کے لیے نیا سال

بہتر نتائج لا رہا ہے۔ شریک حیات کے ساتھ پرانے تنازعات اور اختلافات جن کی وجہ سے گھریلو ازدواجی زندگی پریشان کن ہو چکی ہے۔ انہیں فروری سے اپریل کے دورانیے میں صلح کن حالات مل سکتے ہیں۔ گھریلو اور شریک حیات سے بہتر تعلقات کے لیے ''یا جامع یا ودود یا کبیر'' کی ایک تسبیح کسی نماز کے بعد کرنا معمول بنائیں۔

ذاتی جائیداد پلاٹ گھر کی تعمیر میں کامیابی کے لیے جون جولائی کا دورانیہ فائدہ مند ہے۔ سرمایہ کاری کے لیے بہتر وقت ہے۔ وہ جوزی افراد جنہوں نے حصول انعام کے لیے پرائز بانڈز لے کر رکھ ہوئے ہیں ان کا کبھی انعام نہیں نکلا ان کے لیے بھی یہ دورانیہ انعامی چانس کی خوشخبری لا سکتا ہے۔ حصول انعام کے امکانات کو بڑھانے کے لیے بطور روحانی تدارک ''لوح انعامی بانڈ'' بنوا کر پاس رکھیں۔

جوزی افراد کو نئے سال میں کئی سفر پیش آ سکتے ہیں۔ حج وعمرہ کی سعادت کے خواہشمند روزانہ سورہ فتح اور سورہ حج بمعہ پڑھنا معمول بنائیں۔ سفری یوگ اگست سے اکتوبر نومبر کے دوران خاص طور پر مثبت اثرات دے رہا ہے۔ اس دوران سفر ویزا امیگریشن اپلائی کرنے میں کامیابی مل سکتی ہے۔ جن کے کیسز چل رہے ہیں انہیں بھی خوشخبری مل سکتی ہے۔

سفر میں کامیابی کے لیے سورہ زمر کی آیت 10 **ارض اللّٰہ واسعۃ** اور اللہ کی زمین وسیع ہے۔ روزانہ کسی نماز کے بعد 100 بار اول و آخر 3-3 بار درود شریف پڑھیں اور دعا کریں۔ وہ جوزی افراد جنہیں سفر میں ریفیوژل ہو رہی ہے انہیں چاہیے ''لوح سفر وسیلہ ظفر'' بنوا کر پاس رکھیں۔

جوزی خواتین و حضرات اپنی صحت کو بہتر رکھنے کے لیے تازہ ہوا کے حصول کے لیے روزانہ پارک باغ میں واک کریں۔ شادی کے حوالے سے سال 2020 جوزی لڑکے لڑکیوں کے لیے بہتر اثرات لا رہا ہے۔ شمسی سال کے آغاز 21 مارچ کے بعد شادی کے سیارگان اچھی پوزیشن لے رہے ہیں۔ مارچ سے جون کے دورانیے میں حسب منشا شادی یا اچھی جگہ رشتہ منگنی کا معاملہ طے پا سکتا ہے۔ نحس مریخی اثرات کی وجہ سے جوزی لڑکیوں کے زائچے پر جو بندشی نظرات پیدا ہو رہے ہیں وہ اپریل کے بعد سعد حالت میں بدل جائیں گے۔ اس دوران چٹ منگنی پٹ بیاہ کی صورت بن سکتی ہے۔ منگلیشی نحس اثرات زیادہ شدت میں ہوں تو وہ روحانی تدارک کے طور پر

''لوح شادی'' بنوا کر پاس رکھیں۔
سیارہ مشتری جو کہ مال و دولت خوشخبری کی ترقی سے متعلقہ سیارہ ہے سال 2020 میں آپ کے زائچے میں کئی سعد نشستیں بنا رہا ہے۔ اپریل مئی اور اگست ستمبر کا دورانیہ نئی سرمایہ کاری کے لیے بہترین وقت ہے۔ مالی خوشحالی خیر و برکت کے لیے اپنے نام اور والدہ کے نام کے مطابق ''لوح مشتری'' بنوا کر پاس رکھیں۔ عمومی طور پر نیا سال برج جوزا والوں کے لیے بہتری کا باعث ہے۔

لوح شادی

شادی، رشتے کی بندش کے خاتمے

حسب منشاء رشتہ شادی میں آسانی کیلئے

ایک کامیاب مجرب روحانی عمل

لوح زہرہ (لوح بندھن)

زہرہ محبت کا سیارہ ہے۔ میاں بیوی میں باہمی حب و محبت، گھریلو سکون، شریک حیات کی عدم توجہ، بد مزاجی، غیر عورتوں میں دلچسپی، ناچاقی، بے وفائی، بیرون ملک نہ بلانا، گھریلو پریشانیوں کے خاتمے اور شادی کے بندھن مضبوط بنانے کیلئے مجرب لوح ہے۔

لوح شادی

(شادی میں آسانی کے لیے)

انشاء اللہ تعالیٰ اس لوح شادی کی برکت سے رشتے رشادی میں ہر قسم کی رکاوٹ، بندش، تاخیر پریشانی کا خاتمہ ہوگا۔ انشاء اللہ اچھی جگہ رشتہ رشادی طے ہو جائے گی۔ اگر شادی میں بلاوجہ تاخیر رکاوٹ آرہی ہو۔ رشتہ منگنی بار بار ہو کر ٹوٹ جاتی ہو۔ رشتہ دیکھنے والے پسند کر کے جائیں لیکن بعد میں کوئی جواب نہ دیں۔ گھر والوں رر شتے داروں، معاشرتی، معاشی، ذات پات کی وجہ سے رشتے شادی میں مشکلات پیدا ہو رہی ہوں۔

''منگل یوگ'' کی وجہ سے شادی کے سیارے نحوست اور گردش میں ہوں۔ محبت میں ناکامی ہو رہی ہو۔ جادو سحر، سفلی رکالے پیلے کسی عمل کی وجہ سے شادی کی بندش کی گئی ہو تو ہر قسم کی بندش کے تدراک کے لیے ''لوح شادی'' ایک شاندار روحانی عمل میں برکت نحوست کے بادل چھٹ جاتے ہیں اور جلد ہی اچھی جگہ شادی رشتہ طے پا جاتا ہے۔

ہدیہ لوح (دھاتی) :-/5000 روپے

ہدیہ لوح (کارڈ) : 3000 روپے



برج سرطان CANCER

سیارہ قمر MOON

22 جون تا 22 جولائی

نشان کیکڑا

روحانی وظائف:

اسماالحسنٰی یارحمٰن یارحیم روزانہ 1100 باراول و آخر 11-11 بار درود شریف پڑھنا معمول بنائی
سورۃ قمر کی تلاوت بمعہ ترجمہ روزانہ کریں

حاکم سیارہ	قمر(Moon)
متعلقہ حروف	ح،ہ
لکی نمبر	2
ہر ماہ کی تاریخیں	2,4,5,6,8,11,12 16,18,22,23,24,28
لکی رنگ	سفید
لکی دن	پیر
دیگر موزوں دن	پیر، جمعرات، جمعہ
لکی سٹون	مون سٹون
موافق دھاتیں	چاندی
دوست بروج	ثور، جوزا، سنبلہ، میزان قوس، حوت
غیر موزوں بروج	عقرب، حمل
نیوٹرل بروج	اسد

بہتر مہینے	جون، جولائی، مئی دسمبر، اکتوبر
سمت	شمال
شرف	برج سرطان میں سیارہ مشتری کا 15 ڈگری پر شرف
عنصر	پانی
عنصری کیفیت	آبی برج
جنس	مؤنث
جسم کے حصے سے تعلق	چھاتی اور بالائی بازو

صدقات:

بروز پیر یا کسی روز سفید اشیا، مثلاً نان، انڈے، بریڈ وغیرہ پرندوں یا جانوروں کو ڈالیں، آٹا چینی چاول دالیں گھی دودھ مکھن وغیرہ مستحقین میں تقسیم کریں

موافق شعبے:

ڈاکٹر، نرس، میڈسن، ہوٹیل، بیکری، علوم، فنون، گوشت کا کام، پھل سبزی کا کام، امپورٹ ایکسپورٹ، سکول، ڈسپنسری، آرٹسٹک ورک وغیرہ

موافق خوراک:

سفید رنگ کی غذائیں: دودھ، دہی، انڈے، سفید پھل

سورہ مجادلہ: لڑائی جھگڑے سے بچاؤ امن کیلئے روزانہ تلاوت بمعہ ترجمہ معمول بنائیں۔

برج سرطان ♋ CANCER

﴿سیارہ قمر MOON﴾ ☾

22 جون تا 22 جولائی



تبدیلیوں کا سال

بفضل تعالیٰ نئے سال کا سورج برج سرطان کے افراد خواتین و حضرات کیلئے مثبت تبدیلیوں اور کامیابیوں کے پیغام لیے ہوئے طلوع ہو رہا ہے۔ برج سرطان کا حاکم سیارہ قمر ہے۔

سال کی پہلی سہ ماہی میں شمسی اور قمری سعد اثرات کے باعث سرطانی خواتین و حضرات کی زندگیوں میں بہتر تبدیلیاں پیدا ہو رہی ہیں۔ وہ سرطانی لڑکے لڑکیاں جن کو کئی برسوں سے بندش شادی کا سامنا ہے۔ رشتے آتے ہیں لیکن کہیں بات طے نہیں ہوتی بلاوجہ شادی میں تاخیر ہوتی جا رہی ہے ان کے لیے خوشخبری ہے۔

15 فروری سے 15 اپریل رشتہ منگنی شادی کے لیے سازگار حالات پیدا ہو رہے ہیں۔ پسند کی شادی کے خواہشمند افراد کے لیے مارچ تا مئی کا دورانیہ بہت اہم ہے۔ اس دوران رشتے شادی میں حائل رکاوٹیں یا کسی قسم کی مخالفت بندش کا خاتمہ ہونے کا امکان ہے۔ منگل یوگ کے اثرات زیادہ نحس ہوں تو رشتے ٹوٹنے کے حالات پیدا ہو جاتے ہیں۔ نحوست سیارگان کے تدارک کے لیے اور بہتر اور حسب پسند رشتہ شادی کے لیے ''لوح حسب منشا شادی'' بنوا کر پاس رکھیں۔ سرطانی افراد کو ہر ماہ کے آنے والے شرف قمر میں بنائے گئے روحانی اعمال بہت فائدہ دیتے ہیں۔

معاشی لحاظ سے نیا سال 2020 سرطانی افراد کے لیے بہتر اثرات لا رہا ہے۔ خصوصا نوروز کے بعد مارچ اپریل مئی کا دورانیہ وسعت کاروبار نئی سرمایہ کاری لے لیے بہت سازگار وقت ہے۔

سرطانی افراد جنہوں نے انعامی چانس کے لیے پرائز بانڈز لے رکھے ہیں لیکن عرصہ دراز سے کوئی انعام نہیں نکلا انہیں اس سال اپریل مئی میں خوشخبری مل سکتی ہے۔ شرف شمس یا مشتری کی نیک ساعتوں میں تیار کی گئی ''لوح انعامی بانڈ'' کا روحانی عمل حصول انعام میں بہت مددگار ثابت ہوتا ہے۔

سرطانی طالب علموں کے لیے 2020

کامیابی کا سال کہا جائے تو بے جا نہ ہوگا۔ امتحانات میں ناکامی یا کم نمبروں کی وجہ سے حسب منشا کورس ڈگری میں داخلہ نہ ملنے کی وجہ سے مایوس طالب علم لڑکے لڑکیوں کے لیے خوشخبری ہے کہ انہیں انشاء اللہ اس سال کے آغاز جنوری سے جون سال کے وسط تک امتحانات میں غیر معمولی کامیابیاں ملنے کی نوید ہے۔ حسب منشا کورس ڈگری میں داخلہ مل سکتا ہے۔

عطارد قمر کی بہتر پوزیشن باعث فارن ایجوکیشن حاصل کرنے کی خواہش بھی پوری ہوسکتی ہے۔ ویزا امیگریشن یا سٹڈی ویزا اپلائی کرنے کے لیے نوروز کے بعد کا وقت (20 مارچ تا 20 اپریل) بہت فائدہ مند اور سازگار ہے۔ سیارگان کی پوزیشن زیادہ نحس ہو تو باوجود کوشش کے امتحانی ناکامی ہو جاتی ہے۔ تعلیمی ناکامی کو کامیابی میں بدلنے کے لیے ''لوح عطارد تعلیمی'' بنوا کر پاس رکھیں۔ برج سرطان سے متعلقہ ورد ''یارحمٰن یارحیم'' ہے۔ سرطانی افراد ان اسماء الحسنٰی کا ورد بکثرت کریں۔ حصول برکت و سعادت کے لیے روزانہ قرآن پاک کی تلاوت بمعہ ترجمہ معمول بنائیں۔ سورہ قمر کی روزانہ تلاوت بمعہ ترجمہ کریں۔

سرطانی افراد کا متعلقہ سیارہ قمر ہے۔ اس لحاظ سے سرطانی لوگوں کا لکی برتھ سٹون حجر القمر مون سٹون ہے۔ بروز پیر ساعت قمر میں قمری انگلی یا شمسی انگلی میں پہنیں۔

گھریلو تعلقات کے حوالے سے 2020 کئی اتار چڑھاؤ کا شکار کرسکتا ہے۔ مارچ سے جون کے دوران شریک حیات سے اچھے تعلقات رہنے کا امکان ہے ستمبر سے دسمبر کا درانیہ قدرے مشکل ہے۔ اس دوران بلاوجہ اختلافات کے باعث صورتحال سنگین بھی ہوسکتی ہے۔ شریک حیات اور اولاد کو حق میں رکھنے اور باہمی حب و بندھن کے لیے ''لوح بندھن'' ایک بہتر روحانی عمل ہے۔ وہ سرطانی افراد جو ذاتی گھر، دوکان کے خواہشمند ہیں یہ خواہش اس سال جون تا نومبر کے دورانیے میں پوری ہوسکتی ہے۔ پراپرٹی کی خرید و فروخت و سرمایہ کاری کے لیے بھی یہ دورانیہ بہت نفع بخش ثابت ہوسکتا ہے

سرطانی افراد کے لیے سال 2020 صحت کے لحاظ سے درمیانے درجے کا ہے۔ ابتدائی سہ ماہی میں قوت مدافعت کی کمی کی وجہ سے صحت کے مسائل پیدا ہو سکتے ہیں۔ اپریل سے اگست تک صحت میں بہتری پیدا ہوسکتی ہے۔ برج سرطان کا موافق رنگ سفید ہے اس لیے سرطانی لوگوں کے لیے سفید غذائیں زیادہ صحت بخش ثابت ہوتی ہیں مثلاً دودھ، دہی، مکھن، انڈے، سفید سبزیاں، شلجم، بادام، مچھلی، مرغی، کھیر، دال چاول، دلیا۔



برج اسد LEO

سیارہ شمس SUN

23 جولائی تا 23 اگست

نشان شیر

روحانی وظائف:

اسم الٰہی یا حی یا قیوم روزانہ 1100 بار اول و آخر 11-11 بار درود شریف پڑھنا معمول بنائیں
سورۃ الشمس کی تلاوت بمعہ ترجمہ روزانہ معمول بنائیں

حاکم سیارہ	شمس (Sun)
متعلقہ حروف	م
لکی نمبر	۱
ہر ماہ کی تاریخیں	1,3,5,7,9,11,15 19,21,22,25,27,29
لکی رنگ	سنہرا
لکی دن	اتوار
دیگر موزوں دن	پیر، منگل، جمعرات
لکی سٹون	یاقوت (میرونی)
موافق دھاتیں	پیلا سونا، پیتل
دوست بروج	حمل، میزان، ثور، جوزا، حوت
غیر موزوں بروج	عقرب، دلو
نیوٹرل بروج	جوزا، سرطان، سنبلہ
بہتر مہینے	اگست، اکتوبر، دسمبر

سمت	مشرق
عنصر	آگ
عنصری کیفیت	آتشی مزاج
جنس	مذکر
جسم کے حصے سے تعلق	آنکھیں اور ریڑھ کی ہڈی

صدقات:

بروز اتوار، یا کسی بھی روز گھی کے پراٹھے توڑ کر پرندوں یا حشرات کو ناشتے کا بچا ہوا کھانا ڈالیں۔ حسب توفیق شکر، گھی، گندم، نان، چنے بیسن کا راشن ضرورت مند کو دیں۔

موافق شعبے:

صنعت و حرفت، سیاحت، درس و تدریس، میڈیسن، سپورٹس، جیولرز، بینک، سرکس، سکول، مالکان، این جی اوز، جواہرات، میڈیا اور فنون وغیرہ۔

موافق خوراک:

شہد، انڈے، پیلی سرخی مائل دالیں، کیلے، آم، پکوڑے، گوشت کے پکوان۔

برج اسد LEO ♌

⟨سیارہ شمس SUN⟩ ☉

23 جولائی تا 23 اگست

کامیابیوں ترقیوں کا سال



4 نمبر کا سال

بفضلٰ تعالی سال 2020 برج اسد والوں کے لیے کئی قسم کی بندشوں نحوستوں سے چھٹکارا لیے ہوئے آ رہا ہے۔

زائچہ نجوم میں دو سیاروں کو بہت اہمیت حاصل ہے۔ مشتری اور دوسرا شمس۔ مشتری مال و دولت کامیابی ترقی سے متعلقہ سیارہ ہے۔ جبکہ شمس شہرت وعزت بلندی مقام خوشحالی کے امور سے متعلقہ ہے۔ شمسی قوت کمزور ہو تو مشتری کے اثرات بھی اچھے طریقے سے اثر انداز نہیں ہوتے۔ شمس (سورج) روشنی کا سیارہ ہے۔ شمسی قوت مثبت ہو تو زندگی میں ایک خاص قسم کی توانائی کامیابی محسوس ہوتی ہے۔ شمسی قوت کمزور ہو تو بہت سی کامیابیاں بھی ماند پڑ جاتی ہیں۔

علم اعداد کے مطابق برج اسد والوں کا لکی نمبر **4** ہے۔ جبکہ 2020 کو جمع کریں۔

تو مفرد عدد **4** حاصل ہوتا ہے۔ اس لحاظ سے 2020 کو ایک نمبر والوں کا سال کہا جائے تو بے جا نہ ہوگا۔ علم اعداد میں **4** نمبر کامیابی ترقی خوشحالی کا نمبر ہے۔

علم نجوم کے مطابق بھی یہ سال برج اسد والوں کو پچھلی صفوں سے نکال کر زندگی کے ہر میدان میں پہلے نمبر پر لا رہا ہے۔

وہ اسدی خواتین وحضرات جنہیں معاشی کاروباری معاملات میں کئی قسم کی مشکلات مسائل کا سامنا ہے ان کے لیے شرف شمس اور نوروز کے دوران آنے والا وقت مارچ تا مئی بہت سازگار ہے۔ اس دوران نئی سرمایہ کاری اور کاروبار میں وسعت کے لیے اقدامات فائدہ مند ہو سکتے ہیں۔

وہ اسدی افراد جن کے پاس چھوٹے بڑے پرائز بانڈز ہیں لیکن کبھی قسمت نے یاوری نہیں کی ان کے لیے اس مبارک وقت میں انعامی چانس ملنے کا امکان ہے۔ جس طرح کسی بیج کو زمین میں ڈال دینا کافی نہیں ہوتا اس کی دیکھ بھال کرنا پڑتی ہے پودے کو پانی کھاد سپرے وغیرہ کا خیال رکھنا پڑتا ہے۔ تب جا کر فائدہ

ہوتا ہے۔ اسی طرح حصول انعام کے لیے انعامی بانڈز رکھ دینا کافی نہیں ہے۔ روحانی عمل کی برکت سے حصول انعام میں کامیابی کے لیے اسدی خواتین و حضرات ''لوح انعامی بانڈز'' (عمومی و خصوصی) جامع بنوا کر پاس رکھیں۔

روزگار ملازمت کے بندش کا شکار اسدی افراد کشادگی رزق اور بندش کے خاتمے کے لیے شرف مشتری یا ساعت مشتری میں ''لوح مشتری'' بنوا کر پاس رکھیں

برج اسد والوں کو سیارہ شمس 2020 میں اپنی بہتر پوزیشن پر آ رہا ہے۔ خاص طور پر نئی شمسی سال کے آغاز میں 20 مارچ کے بعد حالات میں زیادہ بہتری کا امکان ہے مریخ کے نحس اثرات کے باعث شادی کی بندش سے متاثر لڑکیوں کے لیے خوشخبری ہے کہ اس سال اپریل مئی میں بہتر ساعتیں آ رہی ہیں۔ اس دوران اچھی جگہ رشتہ منگنی شادی طے پا سکتی ہے۔

نیک ساعت میں رشتہ طے کیا جائے تو شادی بھی جلد ہو جاتی ہے۔ بہتر جیون ساتھی کے رشتہ کے لیے شادی رشتہ کرتے وقت ''زائچہ شادی'' بنوائیں تا کہ جیون ساتھی کے ساتھ باہمی موافقت کا اندازہ ہو سکے۔ ہمسایہ ملک میں شادی سے قبل زائچے شادی پر بہت زور دیا جاتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ وہاں شادی کی ناکامی کی شرح کافی کم ہے۔ مریخ اور شمس آمنے سامنے ہوں تو مریخ کے آتشی اثرات دیگر سیارگان مثلاً زہرہ قمر مشتری کے بعد اثرات متاثر کرتے ہیں۔ منگلیشی اثرات کے تدارک کے لیے ''لوح شادی'' ایک مکمل روحانی تدارک ہے۔

بیرون ملک و اندرون ملک سفر کے حوالے سے سال 2020 اسدی خواتین و حضرات کے لیے بہت فائدہ مند ہے۔ سفر میں ناکامی کے مسائل کا حل بفضل تعالیٰ سال کے وسط جون سے ستمبر کے دوران نکل آئے گا۔ ویزا امیگریشن کے حوالے سے خوشخبری مل سکتی ہے۔

سال نو میں شریک حیات سے تعلقات ملے جلے رہیں گے۔ بعض امور پر اختلاف کے باعث گھریلو لڑائی جھگڑے پیدا ہو سکتے ہیں۔ کئی قریبی دوستوں سے ناراضی ہو سکتی ہے۔ خاص طور پر اکتوبر نومبر کے دوران کسی قسم کے تنازعات میں خود کو ملوث کرنے سے گریز کریں۔ معاملات شدید خراب ہو سکتے ہیں۔

شریک حیات کو رویہ بہتر کرنے دل میں محبت پیدا کرنے اور گھریلو ماحول میں بہتری کے لیے اسدی افراد ''یا جامع یا ودود'' ورد کریں اور ''لوح بندھن'' بنوا کر پاس رکھیں۔

تعلیمی لحاظ سے نیا سال اسدی طالب

علموں کے لیے کامیابی کے پیغامات لا رہا ہے۔ 15 جون سے 15 ستمبر کے دورانیہ میں حصول تعلیم کے لیے سازگار حالات ہیں۔ اسدی طالب علم جنہیں پروفیشنل امتحانات میں ناکامی کا سامنا ہے وہ بکثرت ''یا علیم یا حکیم'' کا ورد کریں اور لوح عطارد تعلیمی بنوا کر پاس رکھیں۔

اسدی افراد اس اپنی صحت پر خاص توجہ دیں۔ بلڈ پریشر ذہنی اعصابی امراض سے بچنے کے لیے بہتر معمولات زندگی اپنائیں

حصول جائیداد اور ذاتی مکان گھر کے لیے نومبر دسمبر کے دوران کامیابی مل سکتی ہے۔ عمومی خیر و برکت کے لیے ''یا حی یا قیوم'' کا ورد کریں۔ روزانہ تلاوت قرآن بمعہ ترجمہ کا اہتمام کریں۔ سورہ فتح اور سورہ شمس روزانہ بمعہ ترجمہ تلاوت کرنا معمول بنائیں۔

لوح انعامی بانڈ

اپنے نام۔ پرائز بانڈ کے مطابق

مبارک و موافق ساعتوں میں عمل غناء کے ذریعے

ترقی۔ کامیابی۔ مال و دولت۔ خوشحالی

کے حصول کیلئے

لوح محبت شادی

(پسند کی شادی کیلئے)

اگر آپ اپنی پسند کے مطابق شادی کرنے کے خواہاں ہیں، لڑکی یا لڑکے کے گھر والے ذات برادری یا کسی معاشرتی و معاشی فرق کی وجہ سے رشتہ شادی سے انکاری ہیں تو ان کو شادی کے لیے راضی کرنے، اپنے حق میں کرنے کے لیے ''لوح محبت شادی'' ایک انتہائی مؤثر روحانی عمل ہے۔

بفضل تعالیٰ اس عمل کی برکت سے پسند کی شادی میں حائل ہر قسم کی رکاوٹ دور ہو جاتی ہے اور سب لوگ خوشی سے رشتے شادی کے لیے راضی ہو جاتے ہیں۔ مخالفت کرنے والے بھی حمایت کرنے لگتے ہیں۔

یہ لوح صرف جائز مقصد شادی کے لیے تیار کی جاتی ہے۔ فلرٹ بازی یا غلط مقاصد کے لیے یہ لوح کام نہیں کرتی۔

اگر آپ جائز اور پاکیزہ طریقے سے پسند کی شادی کے خواہاں ہیں تو اللہ تعالیٰ سے مدد مانگیے۔ انشاء اللہ آپ کی پسند کی شادی کی مراد ضرور پوری ہوگی

ہدیہ لوح (دھاتی) :-/5000 روپے

ہدیہ لوح (کارڈ) : 3000 روپے

0300-8083509 , 0333-4502187

Facebook:Kashfrohanejantry

Web:syedkashifkhalil.blogspot.com

برج سنبلہ ♍ VIRGO

سیارہ عطارد ☿ Mercurry

24 اگست تا 22 ستمبر

نشان عورت



روحانی وظائف:

اسماالحسنیٰ یا علی یا عظیم روزانہ 1100 بار اول و آخر 11-11 بار درود شریف معمول بنائیں
سورۃ فتح کی تلاوت بمعہ ترجمہ روزانہ کریں

حاکم سیارہ	عطارد (Mercurr)
متعلقہ حروف	پ، غ
لکی نمبر	5
ہر ماہ کی تاریخیں	30,25,2015,10,5
لکی رنگ	پیلا
لکی دن	بدھ
دیگر موزوں دن	پیر، ہفتہ، اتوار
لکی سٹون	لیپس (گولڈ)
موافق دھاتیں	چاندی
دوست بروج	سرطان، اسد، جوزا، جدی
غیر موزوں بروج	ثور، عقرب
نیوٹرل بروج	حمل، میزان، قوس، حوت
بہتر مہینے	جولائی، اگست، ستمبر اکتوبر، دسمبر

ت	جنوب
شرف	سیارہ عطارد 15 ڈگری پر برج سنبلہ میں شرف ہوتا ہے
عنصر	مٹی
عنصری کیفیت	خاکی
جنس	مؤنث
جسم کے حصے سے تعلق	پیٹ

صدقات:

بروز بدھ یا کسی روز دال چنا، سفید چنے، پیلی دالوں کا سالن، روٹی مکس کر کے پرندوں اور جانوروں کو ڈالیں، حشرات کو شکر ڈالیں

موافق شعبے:

پرنٹنگ، پبلشنگ، وکالت، مخفی و روحانی علوم، انجینئرنگ، تعمیرات، ڈاکٹر، قانون دان، فوڈ بزنس آرٹ ورک

موافق خوراک:

دودھ دہی بادام شہد پستہ مٹن پیلی دالیں حلوہ جات زردہ آم چنے بریانی وغیرہ



برج سنبلہ VIRGO ♍

☿ سیارہ عطارد Mercurry

24 اگست تا 22 ستمبر

کامیابی کا سال

بفضل تعالیٰ سال نو 2020 کا سورج سنبلہ افراد کے لیے روشن مستقبل کی نوید لیے ہوئے روشن ہو رہا ہے۔ وہ سنبلہ افراد جو سیاروں کی نحوست بالخصوص نحوست زحل اور نحوست مریخ کے باعث گوناں گوں مسائل کا سامنا کر رہے ہیں ان کے لیے سال کے آغاز سے ہی سازگار حالات پیدا ہونے کے امکانات ہیں۔ برج سنبلہ والوں کے حاکم سیارہ عطارد ہے۔ سنبلہ والوں پر کئی سال سے ذہنی دماغی بندشی اثرات چلے آرہے ہیں۔ غلط فیصلوں اور ناقص منصوبہ بندی اور منتشر سوچ کی وجہ سے سنبلہ افراد کو کاروبار، ملازمت، سفر، تعلیم کے معاملات میں کئی قسم کی رکاوٹوں کا سامنا ہے۔ سیارہ عطارد مثبت ہو تو انسان کی ذہنی صلاحیت بہت متاثر ہوتی ہے۔ جبکہ یہ سیارہ نحس ہو تو ہر فیصلہ غلط ہونے لگتا ہے۔ سنبلہ افراد کو فروری مارچ سے جولائی کے دوران ذہنی روحانی بندشوں سے نجات ملنے کا امکان ہے۔ وہ سنبلہ لڑکے لڑکیاں جو تعلیمی معاملات میں ناکام ہو رہے ہیں یا کوشش کے باوجود رزلٹ نہیں مل رہا ان کو اس دوران تعلیمی کامیابی مل سکتی ہے۔ اگر تعلیمی رکاوٹ بندش شدید ہو تو ''لوح عطارد تعلیمی'' بنوا کر پاس رکھیں۔ انشاء اللہ یہ لوح تمام تعلیمی امتحانی مسائل کا مکمل روحانی علاج ہے۔ سنبلہ لڑکے لڑکیاں جن کے رشتے شادی پر بندش لگی ہوئی ہے اس سال کے وسط میں شادی منگنی کے حوالے سے کامیابی ہوسکتی ہے اگر آپ محبت کی شادی کے خواہاں ہیں لیکن حالات غیر موافق چل رہے ہیں تو مئی سے جولائی اور نومبر سے دسمبر کے دوران حسب منشا شادی میں کامیابی ہوسکتی ہے۔ بندش شادی شدید ہو یا منگل یوگ کے نحس اثرات زیادہ ہوں تو زائچہ بنوائیں۔ روحانی تدارک کے طور پر ''لوح محبت شادی'' یا ''لوح شادی'' بنوا کر پاس رکھیں

معاشی لحاظ سے سال 2020 سنبلہ خواتین و حضرات کے لیے بہت مبارک ہے۔ سیارہ مشتری سیارہ شمس کے سعد اثرات آپ

کے زائچے کو روشن کر رہے ہیں
کاروبار ترقی کے لیے مارچ اپریل مئی کے ماہ موافق ہیں۔ نئی سرمایہ کاری کے لیے اگست ستمبر کا دورانیہ بہتر ہے۔ وہ سنبلہ افراد جو حصول انعام کے لیے پرائز بانڈز رکھتے ہیں ان کو سال کے وسط جون جولائی میں انعامی چانس مل سکتا ہے۔ انعامی چانس کو بڑھانے کے لیے بطور روحانی تدارک ''لوح انعامی بانڈ'' بنوا کر پاس رکھیں۔
سنبلہ افراد امسال 2020 میں اپنی صحت کا خاص خیال رکھیں۔ بازاری کھانوں، فاسٹ فوڈ کا بے جا استعمال بہت نقصان دہ ہو سکتا ہے۔ اس کے علاوہ لڑائی جھگڑے یا جذباتی رویہ اختیار کرنے سے نقصان ہو سکتا ہے۔ بیرون ملک سفر امیگریشن یا حصول ویزا کے لیے اس سال مئی جون جولائی کا دورانیہ بہت مفید ہے۔ اس دوران اپلائی کرنے سے کامیابی کے امکانات زیادہ ہیں۔ سنبلہ خواتین و حضرات جن کے زائچے سفر کے سیارے قمر اور عطارد کمزور ہوں انہیں سفر میں رکاوٹ ریفوژل کا سامنا ہوتا ہے باوجود کوشش کے ناکامی ہوتی ہے۔ سفر کی ناکامی کو کامیابی میں بدلنے کے لیے بطور روحانی تدارک ''لوح سفر وسیلہ ظفر'' بنوا کر پاس رکھیں اور یہ لوح مبارکہ سورہ زمر کی آیت نمبر 10 ''وارض اللہ واسعہ'' ترجمہ ''اور اللہ کی زمین وسیع ہے'' کے ذریعے تیار کی جاتی ہے۔
گھریلو لائف کے لحاظ سے نیا سال 2020 شادی شدہ سنبلہ خواتین و حضرات کے لیے قدرے مشکلات کا باعث ہے۔ روزمرہ کے امور میں معمولی باتوں پر اختلاف بڑھ سکتا ہے۔ جس سے تنازعہ شدت پکڑ سکتا ہے خاص طور پر جون جولائی اگست کا دورانیہ بہت اہم ہے۔ اس دوران گھریلو امور میں بلاوجہ اختلاف رائے سے گریز کریں۔ شریک حیات کے رویے میں بلاوجہ سختی ہو یا طبیعت میں تلخی زیادہ ہوتی جا رہی ہو تو شریک حیات کو حق میں کرنے کے لیے ''لوح بندھن'' خصوصی بنوا کر پاس رکھیں سنبلہ افراد زندگی میں عمومی خیر و برکت کے لیے سورہ فرقان اور سورہ لقمان بمعہ ترجمہ روزانہ ایک رکوع پڑھنا معمول بنائیں اس کے علاوہ اسماء الحسنیٰ یا علی یا عظیم کا ورد بکثرت کریں۔ سنبلہ افراد کے لکی برتھ سٹون پکھراج (Topaz) زرد عقیق زمرد لیپس لاجورد ہیں۔ اپنے لکی برتھ سٹون کے بارے میں جاننے کے لیے اپنا پیدائشی زائچہ بنوائیں۔ پیدائشی زائچہ کے ذریعے زیادہ بہتر طور پر برتھ سٹون کا تعین کیا جا سکتا ہے۔

یاذوالجلال والاکرام (اے بزرگی واکرام والے 1100) ذہن خراب، حافظہ کمزور ہو تو بادام پر دم کر کے صبح، دوپہر، شام کھائیں۔

لوح مشتری

مال و دولت۔ جائیداد۔ کاروبار۔ ملازمت
ترقی۔ حصول انعام۔ فتح و نصرت کیلئے

